# محاورات کا جملوں میں استعمال

| محاورے | معانی | جملوں میں استعمال |
|---|---|---|
| آب و دانہ اُٹھنا | موت کا وقت قریب آنا | آب و دانہ اُٹھ جائے تو مریض پر کوئی دوا اثر نہیں کرتی۔ |
| آب آب ہونا | شرمندہ ہونا | امتحان میں اپنی ناکامی کا سُن کر میرا دوست آب آب ہو گیا۔ |
| آبرو پر پانی پھیرنا | بے عزّت کرنا | رشوت لینے کے الزام میں پکڑے جانے پر عادل نے والدین کی آبرو پر پانی پھیر دیا۔ |
| آبرو پر حرف آنا | بے عزّتی ہونا۔ عزّت گھٹنا | ہمیں ایسے کاموں سے بچنا چاہیے جن سے ہماری آبرو پر حرف آئے۔ |
| آبرو خاک میں ملانا | بے عزّت کرنا | نافرمان اولاد کی وجہ سے والدین کی آبرو خاک میں مل جاتی ہے۔ |
| آبرو کو بٹا لگانا | بے عزّت کرنا | اولاد کی آوارگی سے والدین کی آبرو کو بٹا لگتا ہے۔ |
| آپے سے باہر ہونا | غُصہ ضبط نہ کر سکنا | غصے کی وجہ سے میرا دوست بات بے بات آپے سے باہر ہو جاتا ہے۔ |
| آٹھ آٹھ آنسو رونا | بہت زیادہ رونا | باپ کی اچانک موت پر یتیم بچے آٹھ آٹھ آنسو روئے۔ |
| آٹے میں نمک کے برابر ہونا | تعداد میں کم ہونا | روس میں مسلمانوں کی تعداد آٹے میں نمک کے برابر ہے۔ |
| آدمیت اُٹھ جانا | شرافت ختم ہو جانا | سگے بھائیوں کے درمیان دشمنی اس بات کا ثبوت ہے کہ دُنیا سے آدمیت اُٹھ گئی ہے۔ |
| آرزو کا خون ہونا | تمنا پُوری نہ ہونا | کشمیر میں آزاد نہ ہونے سے کشمیریوں کی آرزو کا خون ہو رہا ہے۔ |
| آڑے ہاتھوں لینا | شرمندہ کرنا | بدتمیزی کرنے پر استاد نے شاگرد کو آڑے ہاتھوں لیا۔ |
| آڑے آنا | رکاوٹ | دوست وہی جو آڑے وقت کام آئے۔ |
| آستین چڑھانا | لڑائی کے لیے تیار رہنا | بات بے بات آستین چڑھانا علی کی عادت ہے۔ |
| آستین کا سانپ | پوشیدہ دشمن | بادشاہ کا مشیر ہی آستین کا سانپ ثابت ہوا۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| آستین میں سانپ پالنا | دُشمن کی پرورش کرنا | لے پالک بیٹے کی بدسلوکی سے یہ حقیقت کھل گئی کہ زاہد صاحب اب تک آستین میں سانپ پالتے رہے۔ |
| آسمان پر چڑھانا | بے جا تعریف کرنا۔ مغرور بنا دینا۔ | محسن کی عادت ہے کہ وہ آسمان پر چڑھا کر سیڑھی کھینچ لیتا ہے۔ |
| آسمان ٹوٹ پڑنا | مصیبتوں میں گھر جانا | والدین کی اچانک موت سے یتیم بچوں پر آسمان ٹوٹ پڑا۔ |
| آسمان سے باتیں کرنا | اونچی سوچ رکھنا۔ بُلند ہونا | کراچی کا حبیب بینک پلازہ آسمان سے باتیں کرتا ہے۔ |
| آسمان سر پر اٹھانا | بہت شور کرنا | ششم جماعت نے آج پورا دن آسمان سر پر اُٹھائے رکھا۔ |
| آفت ڈھانا یا مچانا | مصیبت کھڑی کرنا۔ ہنگامہ کرنا | بعض دفعہ بچے اپنی ضدّ پُوری نہ ہونے پر آفت ڈھا دیتے ہیں۔ |
| آگ بگولا ہونا | بہت غصّے میں آنا | جواد اپنے والد کے قاتل کو دیکھ کر آگ بگولا ہو جاتا ہے۔ |
| آن کی آن میں | بہت جلد | آن کی آن میں زلزلے نے تُرکی کا سارا شہر ملیا میٹ کر دیا۔ |
| آنتوں کا قل ھواللہ پڑھنا | بُھوک سے بیتاب ہونا | مسلسل بُھوکے رہنے سے میری آنتیں قل ھواللہ پڑھ رہی ہیں۔ |
| آنکھ لگنا | نیند آنا | ابھی میری آنکھ لگی ہی تھی کہ بچوں کے شور نے جگا دیا۔ |
| آنکھ ملانا | سامنا کرنا | مجرم پولیس افسر سے آنکھ ملاتے ہوئے ڈرتا ہے۔ |
| آنکھوں پر پٹی باندھنا | جان بُوجھ کر انجان بن جانا | جس دن سے عابد کی آنکھوں پر حرص و ہوس کی پٹی بندھی ہے وہ حلال وحرام کا فرق بُھول گیا ہے۔ |
| آنکھوں پر چربی چڑھنا | مرّوت اور لحاظ ختم ہو جانا | ہر شخص کی آنکھوں پر مفاد پرستی کی چربی چڑھی ہوئی ہے۔ آج کل کوئی کسی کی مدد کو نہیں آتا۔ |
| آنکھوں میں دُھول جھونکنا | دھوکا دینا | اُچکّی مسافر کی آنکھوں میں دھول جھونک کر اس کی پُونجی لے اُڑے۔ |
| آنکھوں میں رات کاٹنا | رات بھر جاگنا | بیٹے کے انتظار میں ماں نے آنکھوں میں رات کاٹ دی۔ |
| آنکھوں میں کھٹکنا | ناگوار معلوم ہونا۔ بُرا لگنا | زاہدہ اپنی سچائی کی وجہ سے سب کی آنکھوں میں کھٹکتی ہے۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| آنکھیں بچھانا | بہت عزت سے پیش آنا | معزز مہمانوں کی آمد پر لوگوں نے ان کی راہ میں آنکھیں بچھائیں۔ |
| آنکھیں پتھرانا | آنکھوں کا بے نُور ہو جانا۔ تھک جانا۔ | مہمانوں کے انتظار میں میری تو آنکھیں پتھرا گئی ہیں۔ |
| آنکھیں پھیر لینا | بے وفائی کرنا | مطلب پرست لوگ فائدہ حاصل کرنے کے بعد آنکھیں پھیر لیتے ہیں۔ |
| آنکھیں چار ہونا | ملاقات ہونا | ہوائی اڈے پر آنکھیں چار ہوتے ہی میں نے اپنے دوست کو پہچان لیا۔ |
| آنکھیں چُرانا | نظر بچانا | اُدھار لینے کے بعد اسلم مجھ سے آنکھیں چُراتا ہے۔ |
| آنکھیں دکھانا | غصہ ظاہر کرنا | ماں نے آنکھیں دکھائیں تو بچہ سہم گیا۔ |
| آنکھیں کُھلنا | ہوش میں آنا۔ خبردار ہونا۔ حقیقت کا پتہ چل جانا۔ | ہندوستان کا ساتھ دینے پر امریکہ کے بارے میں پاکستان کی آنکھیں کھل گئیں۔ |
| آنکھیں کُھلی کی کُھلی رہ جانا | حیران رہ جانا | اپنی نئی گاڑی دیکھ کر عابد کی آنکھیں کُھلی کی کُھلی رہ گئیں۔ |
| آوازے کسنا | مذاق کرنا | آوازے کسنا شریف لوگوں کا کام نہیں ہے۔ |
| آئینے میں بال آنا | شک ہونا | آئینے میں بال آ جائے تو دوستی جاتی رہتی ہے۔ |
| آہ و بکا کرنا | رونا دھونا | بیٹے کے قتل پر مجبور ماں آہ و بکا کرتی رہی۔ |
| اب پچھتائے کیا ہو جب چڑیاں چگ گئیں کھیت | نقصان کے بعد افسوس بے فایدہ ہے | پہلے محنت کی ہوتی تو فیل نہ ہوتے اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔ |
| اپنا اُلّو سیدھا کرنا | مطلب نکالنا | بعض لوگ اپنا اُلّو سیدھا کرنے کے لیے خوشامد سے کام لیتے ہیں۔ |
| اپنا سا منہ لے کر رہ جانا | شرمندہ ہونا، ندامت | دعوں کے برعکس نتیجہ نکلا تو ممتاز اپنا سا منہ لے کر رہ گیا۔ |
| اپنی کھال میں مست رہنا | اپنے حال میں خُوش رہنا | اپنی کھال میں مست رہنے والے لوگ پریشانیوں سے آزاد رہتے ہیں۔ |
| اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا | اپنا نُقصان خود کرنا | بے اعتبارے دوست کو اپنا راز بتا کر ہم اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارتے ہیں۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| آستین میں سانپ پالنا | دُشمن کی پرورش کرنا | لے پالک بیٹے کی بدسلوکی سے یہ حقیقت کھل گئی کہ زاہد صاحب اب تک آستین میں سانپ پالتے رہے۔ |
| آسمان پر چڑھانا | بے جا تعریف کرنا۔ مغرور بنا دینا۔ | محسن کی عادت ہے کہ وہ آسمان پر چڑھا کر سیڑھی کھینچ لیتا ہے۔ |
| آسمان ٹوٹ پڑنا | مصیبتوں میں گھر جانا | والدین کی اچانک موت سے یتیم بچوں پر آسمان ٹوٹ پڑا۔ |
| آسمان سے باتیں کرنا | اونچی سوچ رکھنا۔ بُلند ہونا | کراچی کا حبیب بینک پلازہ آسمان سے باتیں کرتا ہے۔ |
| آسمان سر پر اٹھانا | بہت شور کرنا | ششم جماعت نے آج پورا دن آسمان سر پر اُٹھائے رکھا۔ |
| آفت ڈھانا یا مچانا | مصیبت کھڑی کرنا۔ ہنگامہ کرنا | بعض دفعہ بچے اپنی ضد پُوری نہ ہونے پر آفت ڈھا دیتے ہیں۔ |
| آگ بگولا ہونا | بہت غصّے میں آنا | جواد اپنے والد کے قاتل کو دیکھ کر آگ بگولا ہو جاتا ہے۔ |
| آن کی آن میں | بہت جلد | آن کی آن میں زلزلے نے تُرکی کا سارا شہر ملیا میٹ کر دیا۔ |
| آنتوں کا قل ھواللہ پڑھنا | بُھوک سے بیتاب ہونا | مسلسل بُھوکے رہنے سے میری آنتیں قل ھواللہ پڑھ رہی ہیں۔ |
| آنکھ لگنا | نیند آنا | ابھی میری آنکھ لگی ہی تھی کہ بچوں کے شور نے جگا دیا۔ |
| آنکھ ملانا | سامنا کرنا | مجرم پولیس افسر سے آنکھ ملاتے ہوئے ڈرتا ہے۔ |
| آنکھوں پر پٹی باندھنا | جان بُوجھ کر انجان بن جانا | جس دن سے عابد کی آنکھوں پر حرص و ہوس کی پٹی بندھی ہے وہ حلال وحرام کا فرق بُھول گیا ہے۔ |
| آنکھوں پر چربی چڑھنا | مروت اور لحاظ ختم ہو جانا | ہر شخص کی آنکھوں پر مفاد پرستی کی چربی چڑھی ہوئی ہے۔ آج کل کوئی کسی کی مدد کو نہیں آتا۔ |
| آنکھوں میں دُھول جھونکنا | دھوکا دینا | اُچکی مسافر کی آنکھوں میں دھول جھونک کر اس کی پُونجی لے اُڑے۔ |
| آنکھوں میں رات کاٹنا | رات بھر جاگنا | بیٹے کے انتظار میں ماں نے آنکھوں میں رات کاٹ دی۔ |
| آنکھوں میں کھٹکنا | ناگوار معلوم ہونا۔ بُرا لگنا | زاہدہ اپنی سچائی کی وجہ سے سب کی آنکھوں میں کھٹکتی ہے۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| آنکھیں بچھانا | بہت عزت سے پیش آنا | معزز مہمانوں کی آمد پر لوگوں نے ان کی راہ میں آنکھیں بچھائیں۔ |
| آنکھیں پتھرانا | آنکھوں کا بے نُور ہو جانا۔ تھک جانا۔ | مہمانوں کے انتظار میں میری تو آنکھیں پتھرا گئی ہیں۔ |
| آنکھیں پھیر لینا | بے وفائی کرنا | مطلب پرست لوگ فائدہ حاصل کرنے کے بعد آنکھیں پھیر لیتے ہیں۔ |
| آنکھیں چار ہونا | ملاقات ہونا | ہوائی اڈے پر آنکھیں چار ہوتے ہی میں نے اپنے دوست کو پہچان لیا۔ |
| آنکھیں چُرانا | نظر بچانا | اُدھار لینے کے بعد اسلم مجھ سے آنکھیں چُراتا ہے۔ |
| آنکھیں دکھانا | غصہ ظاہر کرنا | ماں نے آنکھیں دکھائیں تو بچہ سہم گیا۔ |
| آنکھیں کُھلنا | ہوش میں آنا۔ خبردار ہونا۔ حقیقت کا پتہ چل جانا۔ | ہندوستان کا ساتھ دینے پر امریکہ کے بارے میں پاکستان کی آنکھیں کھل گئیں۔ |
| آنکھیں کُھلی کی کُھلی رہ جانا | حیران رہ جانا | اپنی نئی گاڑی دیکھ کر عابد کی آنکھیں کُھلی کی کُھلی رہ گئیں۔ |
| آوازے کسنا | مذاق کرنا | آوازے کسنا شریف لوگوں کا کام نہیں ہے۔ |
| آئینے میں بال آنا | شک ہونا | آئینے میں بال آ جائے تو دوستی جاتی رہتی ہے۔ |
| آہ و بکا کرنا | رونا دھونا | بیٹے کے قتل پر مجبور ماں آہ و بکا کرتی رہی۔ |
| اب پچھتائے کیا ہو جب چڑیاں چگ گئیں کھیت | نقصان کے بعد افسوس بے فایدہ ہے | پہلے محنت کی ہوتی تو فیل نہ ہوتے اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔ |
| اپنا اُلو سیدھا کرنا | مطلب نکالنا | بعض لوگ اپنا اُلو سیدھا کرنے کے لیے خوشامد سے کام لیتے ہیں۔ |
| اپنا سامنہ لے کر رہ جانا | شرمندہ ہونا، ندامت | دعوں کے برعکس نتیجہ نکلا تو ممتاز اپنا سامنہ لے کر رہ گیا۔ |
| اپنی کھال میں مست رہنا | اپنے حال میں خُوش رہنا | اپنی کھال میں مست رہنے والے لوگ پریشانیوں سے آزاد رہتے ہیں۔ |
| اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا | اپنا نقصان خود کرنا | بے اعتبارے دوست کو اپنا راز بتا کر ہم اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارتے ہیں۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| اپنے ڈھائی چاول الگ گلانا | سب سے الگ رہنا۔ کسی سے اتفاق نہ کرنا۔ | کشمیر کے معاملے میں ہندوستان ہمیشہ اپنے ڈھائی چاول الگ گلاتا ہے اور کسی کی نہیں سُنتا۔ |
| اپنے مُنہ میاں مٹھو بننا | اپنی تعریف خود کرنا | بیوقوف لوگ اپنے منہ میاں مٹھو بنتے ہیں۔ |
| ارمانوں کا خون ہونا | خواہش کا ادھورا رہ جانا | میرے ارمانوں کا اس وقت خون ہوگیا جب مجھے پتہ چلا کہ ایمبیسی نے مجھے امریکا کا ویزہ نہیں دیا |
| ازخود رفتہ ہونا | اپنے آپ میں نہ رہنا۔ بے قابو ہو جانا۔ | اپنے بچھڑے بچے سے مل کر ماں ازخود رفتہ ہوگئی۔ |
| الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے | خطا کار سمجھانے والے کو برا کہے | راشد کی خصلت ہے کہ وہ سمجھانے والے ہی پر الزام دھر دیتا ہے گویا الٹا چور کوتوال کو ڈانٹے۔ |
| اللّے تللّے کرنا | فضول خرچی کرنا | شیرازی اپنے دادا کے پیسے پر اللّے تللّے کر رہا ہے۔ |
| اندھیر نگری چوپٹ راج | ظالم حکومت | راجا داہر کی حکومت میں رعایا بہت تنگ تھی ہر طرف اندھیر نگری اور چوپٹ راج کا سماں تھا۔ |
| اندھیرے کا تیر | تکے پُروار کرنا | اندھیرے کا تیر نشانے پر لگا اور چور اپنا جرم مان گیا۔ |
| انگاروں پر لوٹنا | سخت تکلیف میں ہونا | صادق کی شاندار کامیابی پر اس کے دشمن انگاروں پر لوٹ رہے ہیں۔ |
| انگشت بدنداں ہونا | حیران ہونا | طیاروں کا شاندار ہوائی مظاہرہ دیکھ کر لوگ انگشت بدنداں ہوگئے۔ |
| انگلیاں چاٹتے رہ جانا | کھانے کا بھرپور مزہ اُٹھانا | میری امّی کے ہاتھ کی بریانی کھا کر سب انگلیاں چاٹتے رہ جاتے ہیں۔ |
| انگلیوں پر نچانا | شرافت کا ناجائز فائدہ اُٹھانا | محسن کی بیوی اُسے انگلیوں پر نچاتی ہے۔ |
| اوس پڑنا | مائیوس ہونا | کارگل کی جنگ میں ناکامی کے بعد بھارت کی اُمیدوں پر اوس پڑگئی۔ |
| اوسان خطا ہونا | ہوش میں نہ رہنا | رات کے اندھیرے میں خوفناک کُتا دیکھ کر میرے اوسان خطا ہوگئے۔ |
| اونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل سیدھی | جس کا ہر کام خراب ہو | زاہد ہر کام خراب کر دیتا ہے اسی لیے ہمارے استاد اسے کہتے ہیں، اونٹ رے اونٹ تیری کونسی کل سیدھی |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| اونچی دوکان پھیکا پکوان | شہرت زیادہ اصلیت ناکارہ | بھارتی بلے بازوں کی کارکردگی اونچی دوکان پر بکنے والے پھیکے پکوان جیسی رہی |
| اونے پونے بیچنا | کم قیمت پر بیچنا | شدید مجبوری کے عالم میں اُس نے اپنا گھر اونے پونے بیچ دیا۔ |
| ایڑی چوٹی کا زور لگانا | پُوری کوشش کرنا | امریکہ ایران پر حملے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا رہا ہے۔ |
| ایڑیاں رگڑنا | مصیبت میں دن کاٹنا | بغیر علاج کے مریض نے ایڑیاں رگڑ رگڑ کر جان دے دی۔ |
| ایک انار سو بیمار | ایک چیز کے ایک سے زیادہ دعویٰ دار | ووٹ ایک ہے میرا اور بیسیوں امیدوار پیچھے لگے ہیں یعنی ایک انار سو بیمار۔ |
| ایک کریلا دوسرا نیم چڑھا | برے کو برائی کے اسباب مہیا ہونا | والدین کی لاپرواہی کے بعد بری صحبت کا اثر جمیل پر یوں ہوا گویا ایک کریلا دوسرا نیم چڑھا۔ |
| اینٹ سے اینٹ بجانا | تباہ و برباد کرنا | 1965ء کی جنگ میں پاک فوج نے بھارت کی اینٹ سے اینٹ بجادی۔ |
| اینٹ کا جواب پتھر سے دینا | سخت ردِعمل ظاہر کرنا | پاک فوج نے بھارت کو اینٹ کا جواب پتھر سے دیا۔ |
| اُدھیڑ بن میں رہنا | وسوسے کا شکار ہونا | ملزم کی رات اسی ادھیڑ بن میں گزری کہ فیصلہ کیا آئے گا۔ |
| اُلٹی پٹی پڑھانا | بُری باتیں سکھانا۔ غلط راہ دکھانا۔ | اسرائیل مسلمانوں کے معاملے میں امریکہ کو اُلٹی پٹی پڑھاتا ہے۔ |
| اُلٹی سیدھی سنانا | بُرا بھلا کہنا | چوری پکڑے جانے پر ملازم شرمندہ ہونے کی بجائے اُلٹی سیدھی سنانے لگا۔ |
| اُلٹی گنگا بہنا | خلافِ دستور کام کرنا | عام شہریوں کو تنگ کر کے پولیس والے اُلٹی گنگا بہا رہے ہیں۔ |
| اُلو بنانا | بیوقوف بنانا | سب دوستوں نے مل کر مجھے اُلو بنا کر میرے پلے سے دعوت بھی اڑائی۔ |
| اُلو بولنا | ویران ہو جانا۔ اُجڑنا۔ | قدیم عمارتوں کا کوئی پُرسانِ حال نہیں۔ آج کل شاہی قلعے میں اُلو بول رہے ہیں۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| اُنگلی دھرنا (اُنگلی رکھنا) | اعتراض کرنا | علی اتنا ذمہ دار ہے کہ کوئی اس کے کام پر انگلی نہیں دھر سکتا۔ |
| اُنگلیاں اٹھانا | تنقید کرنا۔<br>اعتراض کرنا۔ | دوسروں پر انگلیاں اٹھانے سے پہلے ہمیں اپنے گریبان میں جھانکنا چاہیے۔ |
| اُنیس بیس کا فرق ہونا | بہت معمولی فرق | صبا اور ماریہ کی عمروں میں اُنیس بیس کا فرق ہے۔ |
| اُوڑھنا بچھونا بنانا | ہر وقت استعمال میں رکھنا۔<br>ساتھ رکھنا۔ | نیکی کو اُوڑھنا بچھونا بنانے والے لوگ عزت پاتے ہیں۔ |
| آپ کاج مہا کاج | اپنا کام اپنے ہی ہاتھ سے کرنا اچھا | میرے دادا اپنے بیشتر کام اپنے ہاتھ سے کرتے ہیں اور ہمیں بھی تلقین کرتے ہیں کہ آپ کاج مہا کاج۔ |
| آسمان سے تارے توڑ کر لانا | ناممکن کام کرنا | تارے توڑ کر لانے کے دعوے دار حقیقت سے کوسوں دور ہوتے ہیں۔ |
| آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا | بڑی مصیبت سے نجات ملی تو چھوٹی نے آن لیا | سرمد درخت پر چڑھ کر شیر سے تو بچ گیا مگر شہد کی مکھیوں نے اس پر وار کر دیا گویا آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا۔ |
| آم کے آم گٹھلیوں کے دام | دوہرا فائدہ | جلیبیاں کھا کر مزہ بھی آیا اور سر درد بھی جاتا رہا گویا آم کے آم گٹھلیوں کے دام۔ |
| آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل | آنکھوں سے نہ دیکھنا۔<br>دکھائی نہ دینا۔ | میرے دُکھ کا تمہیں کیا علم آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل۔ |
| آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا | بے خوفی کا مظاہرہ کرنا | ہمارے جوان دشمن کی آنکھوں میں آنکھیں ڈالنے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔ |
| آوے کا آوا ہی بگڑے ہونا | سارا نظام ہی خراب ہونا | کسی سرکاری دفتر میں چلے جاؤ آوے کا آوا ہی بگڑا ملتا ہے۔ |
| بات بڑھانا | جھگڑا بڑھانا | ہمیشہ صلح صفائی سے کام لینا چاہیے کیونکہ بات بڑھانا ہمیشہ نقصان دہ ہوتا ہے۔ |
| بات پکڑنا | تنقید کرنا۔<br>کرید کرنا۔ | میرے دادا کے سامنے جھوٹ بولنا بہت مشکل ہے کیونکہ وہ بات پکڑنے میں دیر نہیں لگاتے۔ |
| بات سے پھرنا | وعدہ خلافی کرنا | ایماندار لوگ اپنی بات سے کبھی نہیں پھرتے۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| بات کا بتنگڑ بنانا | ذرا سی بات کو بڑھا کر بیان کرنا | جھگڑالو لوگ بات کا بتنگڑ بنا دیتے ہیں۔ |
| بات کاٹنا | قطع کلامی کرنا۔<br>بیچ میں بولنا۔ | بڑوں کی بات کاٹنا بے ادبی ہے۔ |
| بات کُھلنا | راز فاش ہونا | جھوٹ چُھپ نہیں سکتا سچی بات کبھی نہ کبھی کُھل جاتی ہے۔ |
| باتوں میں اُڑا دینا | مذاق میں اُڑا دینا۔<br>بات کو سنجیدگی سے نہ لینا۔ | نافرمان اولاد والدین کے مفید مشورے باتوں میں اُڑا دیتی ہے۔ |
| باتوں میں آنا | دھوکے میں آنا | راہ گیر ٹھگ کی باتوں میں آ کر رقم گنوا بیٹھا۔ |
| باچھیں کھلنا | بہت خُوش ہونا | سو روپے کا نوٹ دیکھتے ہی چپڑاسی کی باچھیں کھل گئیں۔ |
| بارِ خاطر ہونا | نا گوار ہونا۔ بُرا لگنا | بہت زور سے بولنے والے لوگ مجھے بارِ خاطر گزرتے ہیں۔ |
| بازار گرم ہونا | زیادہ مانگ ہونا۔<br>خُوب خرید و فروخت ہونا | آج کل سرکاری دفاتر میں رشوت کا بازار گرم ہے۔ |
| باسی کڑھی میں اُبال آنا | بعد از وقت جوش آنا | عراق پر امریکی حملے کے بعد مسلم ممالک کا احتجاج باسی کڑھی میں اُبال آنے کے مترادف ہے۔ |
| باغ باغ ہونا | خُوش ہونا | ماں اپنے بچھڑے بچے کو دیکھ کر باغ باغ ہوگئی۔ |
| بال بال بچنا | بڑی مُشکل سے بچنا | میں پرسوں کار کے ایک حادثے میں بال بال بچا۔ |
| بال بال جکڑنا | مصیبت میں گھر جانا | فضول خرچی کی انتہا کے بعد اب سلیم کا بال بال قرض میں جکڑا ہیں ہے۔ |
| بال بیکا کرنا | نقصان پہنچانا | الحمد للہ! ہندوستان پاکستان کا بال بھی بیکا نہیں کر سکتا۔ |
| بال کی کھال اتارنا | بے تکی تفصیلات میں جانا | میرے وکیل کو بال کی کھال اتارنے کی عادت ہے مگر مقدمہ پھر بھی ہار گیا۔ |
| باوا آدم نرالا ہونا | بے تکی بات کرنا | مسئلہ کشمیر پر بھارت کا باوا آدم ہی نرالا ہے۔ |
| بچوں کا کھیل | آسان کام | سی ایس ایس پاس کرنا بچوں کا کھیل نہیں۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| بدحواس ہونا | ہوش کھو دینا | مکان کی چھت گرتے ہی گھر کے افراد بدحواس ہو گئے۔ |
| بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی | مصیب کا سر پر منڈلاتے رہنا | جمیل چوری کرنے کے باوجود نہیں پکڑا گیا مگر بکرے کی ماں کب تک خیر منائے گی۔ |
| بلائیں لینا | دعائیں دینا | سفر پر رخصت کرتے وقت ماں نے اپنے بیٹے کی بلائیں لیں۔ |
| بلی کو چھیچھڑوں کے خواب | شدید خواہش کا اظہار | بھارت پاکستان کی پاکستان کو عالمی سطح پر تنہا کرنے کی کوشش بلی کو چھیچھڑوں کے خواب آنے ہی کے۔ مترادف ہے۔ |
| بندر کیا جانے ادرک کا سواد | اچھی چیز کی ناقدری کرنے والا ناداں | راحیلہ کو، عزت دو تو اسے ہضم نہیں ہوتی گویا بندر کیا جانے ادراک کا سواد۔ |
| بول بالا ہونا | شہرت ہونا | جن شعرانے اردو شاعری کا بول بالا کیا حالی بھی ان میں سے ایک ہیں۔ |
| بھاگتے چور کی لنگوٹی ہی سہی | جو بچ جائے وہی غنیمت | کمپنی کی طرف سے بے وجہ برطرفی کے ساتھ ایک ماہ کی اضافی تنخواہ وسیم کے لیے بھاگتے چور کی لنگوٹی ثابت ہوئی۔ |
| بھانڈا پھوٹنا | راز فاش ہونا | افغانستان پر حملے سے امریکہ کی انسان دوستی کا بھانڈا پھوٹ گیا۔ |
| بھرم رکھنا | عزت رکھنا | خالد نے وقت پر میری مدد کر کے میرا بھرم رکھ لیا۔ |
| بھیگی بلی بننا | خراب کارکردگی کے بعد بے بس ہونا | کرکٹ میچ میں قومی ٹیم نے بھارت کی ٹیم کو بھیگی بلی بنا دیا۔ |
| بیڑا اٹھانا | کسی کام کا ذمہ لینا | سر سید احمد خان نے مسلمانوں کی اصلاح کی بیڑا اٹھایا۔ |
| بیل منڈھے چڑھنا | پایہ تکمیل پہنچنا | وسیم اور سمیرا کی شادی والی بیل منڈھے چڑھتی دکھائی نہیں دیتی۔ |
| بے پر کی اڑانا | فضول بات کہنا | غیر معیاری اخبار بے پر کی اُڑاتے ہیں۔ |
| پاپڑ بیلنا | بہت کوشش کرنا۔ بڑی محنت کرنا۔ | ترقی کے لیے انسان کو بڑے پاپڑ بیلنا پڑتے ہیں۔ |
| پاش پاش ہونا | ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا | فیصل کے فیل ہونے سے اسکے والدین کے خواب پاش پاش ہو گئے ہیں۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| پالا پڑنا | آمنا سامنا ہونا | دشمن کا پاک فوج سے پالا پڑا تو، اسے چھٹی کا دودھ یاد آ گیا۔ |
| پانچوں انگلیاں گھی میں ہونا | خوب عیش میں ہونا | امریکہ سے گہری دوستی کے باعث اسرائیل کی پانچوں اُنگلیاں گھی میں ہیں۔ |
| پانسہ پلٹنا | حالت بدل جانا | شاہد آفریدی کی دُھواں دھار بلے بازی نے میچ کا پانسہ پلٹ دیا۔ |
| پانی بھرنا | غلامی کرنا | سارک اجلاس میں بنگلادیش بھارت کے موقف کی یوں حمایت کرتا رہا گویا انکا پانی بھر رہا ہو۔ |
| پانی پانی ہونا، شرم سے پانی ہونا | شرمندہ ہونا | بیٹے کی اُستاد سے بدتمیزی کا سُن کر والدین شرم سے پانی پانی ہو گئے۔ |
| پانی پھیر دینا | نا قابل تلافی نقصان | اکرم نے فیل ہو کر والدین کی امیدوں پر پانی پھیر دیا۔ |
| پانی سر سے گزرنا | اختتام کو جا پہنچنا | کینسر کی تشخیص ہوئی بھی تو اس وقت جب پانی سر سے گزر چکا تھا۔ |
| پاؤں پڑنا | منت سماجت کرنا | مزارعے جاگیردار کے پاوں تک پڑے مگر اس ظالم نے ترس نہ کھایا اور ان پر کتے چھوڑ دیئے۔ |
| پاؤں اُکھڑنا | ہار مان کر بھاگ جانا | زوردار حملے سے دشمن کے پاؤں اُکھڑ گئے۔ |
| پاؤں پھیلا کر سونا | بے فکری سے سونا | رزقِ حلال کمانے والے پاؤں پھیلا کر سوتے ہیں۔ |
| پاؤں تلے سے زمین نکل جانا | ہوش اُڑ جانا | اپنی والدہ کی اچانک موت کی خبر سن کر میرے پاؤں تلے سے زمین نکل گئی۔ |
| پاؤں کی جوتی سمجھنا | ذلیل و حقیر سمجھنا | ہمارے دیہات میں عورت کو آج بھی پاؤں کی جوتی سمجھا جاتا ہے۔ |
| پتھر پر لکیر | پکی بات ہونا | مغل بادشاہوں کا ہر فیصلہ پتھر پر لکیر ہوتا تھا۔ |
| پتھر کا کلیجا ہونا | ظالم ہونا | جارج بش کا کلیجا پتھر کا ہے اسی لیے مسلمانوں کے خلاف اس کی دشمنی کم نہیں ہوتی۔ |
| پگڑی اُچھالنا | بے عزّتی کرنا | بدمعاش آدمی نے بھری چوپال میں مولوی صاحب کی پگڑی اُچھال دی۔ |
| پلہ بھاری ہونا | جیت جانا | 1990ء کی عراق کویت جنگ میں اتحادی فوجوں کا پلہ بھاری رہا۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑ جانا | بُری طرح پیچھے پڑ جانا | امریکہ پنجے جھاڑ کر ایران کے پیچھے پڑ گیا ہے۔ |
| پول کھلنا | عیب ظاہر ہونا۔ اصلیّت ظاہر ہونا۔ | قومی خزانہ لُوٹنے میں بااثر لوگوں کے بھی پول کھل گئے۔ |
| پہاڑ ٹوٹ پڑنا | سخت مصیبت آنا | بیٹے کی اچانک موت سے والدین پر غموں کے پہاڑ ٹوٹ پڑے۔ |
| پہلو تہی کرنا | ٹالنا۔ بچنے کی کوشش کرنا۔ گریز کرنا۔ | محنت سے پہلو تہی کرنے والے کبھی کامیاب نہیں ہوتے۔ |
| پھپھولے پھوڑنا | غُصّہ نکالنا۔ دل کا غُبار نکالنا۔ | غریب کی بیوی اپنی سُسرال کی بدسلوکی پر ماں سے پھپھولے پھوڑتی ہے۔ |
| پھونک پھونک کر قدم رکھنا | احتیاط برتنا | دہشت گردی کے خلاف آپریشن گویا پھونک پھونک کر قدم رکھنے کے مترادف ہے۔ |
| پیٹ پر پتھر باندھنا | فاقے کرنا۔ بُھوکا رہنا | والدین پیٹ پر پتھر باندھ کر بچوں کو تعلیم دلواتے ہیں۔ |
| پیٹ کا ہلکا ہونا | راز کو چُھپا نہ سکنا | ماجد پیٹ کا بہت ہلکا ہے اسی لیے اس سے کوئی راز کی بات نہیں کرتا۔ |
| پیٹ کاٹنا | بچت کرنا | غریب ماں باپ پیٹ کاٹ کر بچوں کو تعلیم دلاتے ہیں۔ |
| پیٹ میں چوہے دوڑنا | بہت بُھوک لگنا۔ بُھوک سے بے قرار ہونا۔ | دعوتِ ولیمہ میں ابھی دیر تھی اور میرے پیٹ میں چوہے دوڑ رہے تھے۔ |
| پیٹھ دکھانا | میدان سے بھاگنا | 1965ء کی جنگ میں بھارتی فوج نے ہر محاذ پر پیٹھ دکھائی۔ |
| پیچ و تاب کھانا | غصے میں آنا | ہرن کے زندہ بچ نکلنے پر شیر پیچ و تاب کھانے لگا۔ |
| پیمانہ بھر جانا | خاتمہ ہو جانا | ایک دن ہر شخص کی عمر کا پیمانہ بھر جائے گا۔ |
| پَر لگنا | مغرور ہونا | امریکہ جاتے ہی شہاب کو ایسے پَر لگے کہ وہ اپنے ماں باپ کو ہی بُھول گیا۔ |
| پُھوٹ پُھوٹ کر رونا | زارو قطار رونا | بیٹا ماں کی موت پر پُھوٹ پُھوٹ کر رو دیا۔ |
| پُھول برسانا یا جھڑنا | خوش کلامی۔ بہت اچھی گفتگو کرنا۔ | گفتگو ایسی کرو کہ منہ سے پھول جھڑیں۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| پھولے نہ سمانا | بہت خوش ہونا | بیٹی کی شادی پر ماں پھولے نہیں سماتی تھی۔ |
| پھونک پھونک کر قدم رکھنا | احتیاط سے کام لینا | پردیس میں پھونک پھونک کر قدم رکھنے والے لوگ ہی کامیاب رہتے ہیں۔ |
| تاب نہ لانا | برداشت نہ کرنا | بس حادثے کا مریض زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے مر گیا۔ |
| تاخت وتاراج کرنا | تباہ و برباد کرنا | امریکہ نے افغانستان اور عراق کو تاخت وتاراج کر دیا۔ |
| تار تار ہونا | ٹکڑے ٹکڑے ہونا | کانٹوں سے اُلجھ کر میری نئی قمیض تار تار ہوگئی۔ |
| تارے گننا | نیند نہ آنا | ماں اپنے بیٹے کے انتظار میں ساری رات تارے گنتی رہی۔ |
| تاک میں رہنا | نظر رکھنا | احمد ہمیشہ دوسروں کی غلطیوں کی تاک میں رہتا ہے |
| تان اُڑانا | گانا | کسان صبح کے وقت تان اُڑاتے کھیتوں کی طرف جاتے ہیں۔ |
| تختہ اُلٹنا | انقلاب آنا | روسی فوج نے حکومت کا تختہ اُلٹ دیا۔ |
| تصویر بن جانا | حیران رہ جان۔ حیرانگی سے ساکت ہوجانا۔ | غیر ملکی سیاح کشمیر کا حُسن دیکھ کر تصویر بن جاتے ہیں۔ |
| تقدیر پھوٹنا | بدقسمت ہونا | جاہل گھر میں شادی سے لڑکی کی تقدیر پھوٹ گئی۔ |
| تل دھرنے کی جگہ نہ ہونا | بہت بھیڑ بھاڑ ہونا | بس میں تل دھرنے کی جگہ نہ تھی۔ |
| تلوار کے گھاٹ اتارنا | قتل کرنا | پُرانے وقتوں میں بادشاہ معمولی غلطی پر مجرم کو تلوار کے گھاٹ اتار دیتے تھے۔ |
| تن بدن میں آگ لگنا | شدید غُصّے میں ہونا | اپنے وطن کے خلاف باتیں سن کر میرے تن بدن میں آگ لگ جاتی ہے۔ |
| تہہ و بالا کرنا | تباہ کرنا | امریکہ نے عراق کے شہروں کو تہہ و بالا کر دیا ہے۔ |
| تیر کرنا | چُرا لینا۔ ہڑپ کر جانا | نوکر نے گھر کے زیورات تیر کیے اور دوسرے شہر بھاگ گیا۔ |
| تیر نشانے پر لگنا | من چاہے اسباب پانا۔ منصوبہ کامیاب ہونا۔ | میرا تیر نشانے پر لگا اور میں نے توصیف سے سچ اگلوا ہی لیا |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| تین حرف بھیجنا | لعنت بھیجنا | میں جھوٹے لوگوں پر تین حرف بھیجتا ہوں۔ |
| تین نہ تیرہ میں | بلاوجہ دخل اندازی۔ بے اختیار۔ | پاکستان اور افغانستان کے معاملے میں بھارت تین میں نہ تیرہ میں۔ |
| تیور بدلنا | ناراضگی کا اظہار کرنا۔ انداز بدل جانا۔ | پاکستان کے ایٹمی طاقت بننے پر امریکہ کے تیور بدل گئے۔ |
| تیوری چڑھانا | غصے میں ہونا | بے وقوف لوگ بات بات پر تیوری چڑھا لیتے ہیں۔ |
| تتر بتر ہونا | بکھر جانا | اچانک حملے سے دشمن کی فوج تتر بتر ہوگئی۔ |
| تر دامن ہونا | گناہ گار ہونا | میرے جیسا تر دامن انسان غرور کرتا اچھا نہیں لگتا۔ |
| تُرکی بہ تُرکی جواب دینا | مُنہ توڑ جواب دینا | بہو ساس کو تُرکی بہ تُرکی جواب دیتی ہے۔ |
| ٹال مٹول کرنا | بہانے تراشنا | میں جب بھی عرفان سے قرض کی واپسی کا مطالبہ کرتا ہوں وہ ٹال مٹول سے کام لیتا ہے۔ |
| ٹس سے مس نہ ہونا | ذرا بھی اثر نہ ہونا | ضدی بچے ہزار بار سمجھانے پر بھی ٹس سے مس نہیں ہوتے۔ |
| ٹسوے بہانا | جھوٹ موٹ رونا | عورتیں ٹسوے بہا کر خاوندوں کو زیر کر لیتی ہیں۔ |
| ٹکا سا جواب دینا | مایوس کرنا | کشمیر کے مسئلے پر امریکہ نے ہر بار پاکستان کو ٹکا سا جواب دیا ہے۔ |
| ٹکٹکی باندھنا | مسلسل دیکھنا | میں ٹکٹکی باندھے چاند کو دیکھتا رہا۔ |
| ٹھنڈی سانس بھرنا | آہیں بھرنا | کام چور ناکامی پر اکثر ٹھنڈی آہیں بھرتے ہیں۔ |
| ٹھوکریں کھانا | مُصیبتیں اُٹھانا | بے شمار نوجوان نوکری کے لیے ٹھوکریں کھاتے پھرتے ہیں۔ |
| ٹھیس لگنا | صدمہ پہنچنا | اولاد کی بدتمیزی سے ماں باپ کو ٹھیس لگتی ہے۔ |
| ٹیڑھی کھیر | مشکل کام | افغانستان پر حملہ امریکہ کے لیئے ٹیڑھی کھیر ثابت ہوا ہے۔ |
| ٹُوٹ کر برسنا | زور سے برسنا | بادل ایسے ٹُوٹ کے برسا کہ ندی نالے بھی بھر گئے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| جال میں پھنسنا | مشکل میں گھر جانا | چین کے خلاف بیان بازی کر کے بھارت خود ہی اپنے بچھائے جال میں پھنستا جا رہا ہے۔ |
| جامِ شہادت نوش کرنا | شہید ہو جانا | سلطان ٹیپو نے انگریزوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے جامِ شہادت نوش کیا۔ |
| جان پر بننا | جان خطرے میں ہونا | بیٹے کے اغواء کی خبر سن کر ماں کی جان پر بن گئی۔ |
| جان پر کھیلنا | مُشکل کام کرنا | بہادر لڑکے نے جان پر کھیل کر اپنے دوست کی جان بچائی۔ |
| جان پڑنا | تازگی آنا | شدید گرمی میں ٹھنڈا شربت پیتے ہی جسم میں جان پڑ جاتی ہے۔ |
| جان جوکھوں میں ڈالنا | جان خطرے میں ڈالنا | سپاہی نے جان جوکھوں میں ڈال کر خطرناک قاتل کو پکڑ لیا۔ |
| جان کے لالے پڑنا | جان خطرے میں پڑنا | یرقان کی بیماری سے مریض کو جان کے لالے پڑ جاتے ہیں۔ |
| جان میں جان آنا | حوصلہ ہونا | ہوائی حادثے میں بچ جانے پر میری جان میں جان آئی۔ |
| جاں بلب | مرنے کے قریب ہونا | ظالم بیٹا اپنے باپ کو جاں بلب حالت میں چھوڑ گیا۔ |
| جتنی چادر دیکھو اتنے پاؤں پھیلاؤ | فضول خرچی سے منع رہو | مہنگائی کے اس دور میں عقلمندی کا تقاضا یہی ہے کہ جتنی چادر ہو اتنے ہی پاوں پھیلائے جائیں۔ |
| جسکی لاٹھی اسکی بھینس | دھونس اور زبردستی زیر رکھنا | کشمیریوں نے بھارت کا جس کی لاٹھی اس کی بھینس والا فارمولا مسترد کر دیا ہے۔ |
| جگر تھامنا | صبر سے کام لینا | اپنے پیاروں کے انتظار میں جگر تھامنا ایک مُشکل کام ہے۔ |
| جلتی پر تیل چھڑکنا | دوسروں کے جھگڑے کو بڑھوا دینا | سلیمہ کی عادت ہے کہ وہ جھگڑا ختم کرنے کی بجائے جلتی پر تیل چھڑکتی ہے |
| جنگل میں منگل ہونا | ویرانے میں رونق ہونا | گوادر میں بندرگاہ بننے سے جنگل میں منگل ہو گیا۔ |
| جنگل میں مورنا چا کس نے دیکھا | وہ کرامت جس کا کسی کو علم نہ ہو | ناصر گپیں مارتا ہے کہ اس نے ڈاکوؤں کو مار بھگایا اور میرا کہنا ہے کہ جنگل میں مورنا چا کس نے دیکھا۔ |
| جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں | گیدڑ بھبھکیاں سنانا | بھارت ہر دوسرے روز کچھ نہ کچھ ہرزہ سرائی کرتا ہے پر پاکستان خوب جانتا ہے کہ جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں۔ |
| جوتیاں چٹخاتے پھرنا | مارے مارے پھرنا | نوکری کے لیے میرا بھائی جوتیاں چٹخاتے پھر رہا ہے۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| جوئے شیر لانا | مُشکل کام کرنا | افغانستان پر امریکی قبضے کا خواب جوئے شیر لانے کے مترادف ہے۔ |
| جوہر دکھانا | کمال دکھانا۔ خُوبی ظاہر کرنا۔ | شاہد آفریدی اکثر مقابلوں میں بلّے بازی کے شاندار جوہر دکھاتا ہے۔ |
| جھاڑ باندھنا | مسلسل جاری رہنا | تھانیدار نے گالیوں کا ایسا جھاڑ باندھا کہ مجرم پریشان ہوگیا۔ |
| جھانسے میں آنا | دھوکے میں آنا | میری والدہ مکّار عورت کے جھانسے میں آ کر زیور گنوا بیٹھیں۔ |
| جی بھر جانا | طبیعت سیر ہو جانا | روزانہ کھا کر بھی مچھلی سے جی نہیں بھرتا۔ |
| جی چھوٹا کرنا | حوصلہ ہارنا | کامیابی جی چھوٹا کرنے سے نہیں ہمّت و محنت سے ملتی ہے۔ |
| جی چُرانا | حیلے بہانے کرنا | ہمارا نوکر کام سے کبھی جی نہیں چُراتا۔ |
| جی دہل جانا | ڈر جانا | زلزلے کی گونج سے جی دہل جاتا ہے۔ |
| جیسا دیس ویسا بھیس | جہاں جاؤ گھل مل جاؤ | میری امریکی کزن پاکستان آ کر شلوار قمیض ہی پہنتی ہے کیونکہ اسکا ماننا ہے جیسا دیس ویسا بھیس ہی بہتر ہے۔ |
| جینا دوبھر کرنا | مُشکل پیدا کرنا | شہر میں جگہ جگہ پولیس ناکوں نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ |
| جُل دینا | فریب دینا | مکّار آدمی مجھے جُل دے کر میری ساری رقم لے اُڑا۔ |
| جُوتیوں میں دال بٹنا | آپس میں پھُوٹ پڑنا | لُوٹے ہوئے مال کی تقسیم پر چوروں کے درمیان جُوتیوں میں دال بٹتی ہے۔ |
| چاٹ لگنا | عادت پڑنا | آج کل ہر دوسرے آدمی کو حرام کمائی کی چاٹ لگ گئی ہے۔ |
| چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانا | وسائل کے مطابق خرچ کرنا | مہنگائی کے اس دَور میں ہر شخص کو چادر دیکھ کر پاؤں پھیلانے چاہییں۔ |
| چار چاند لگنا | عزّت بڑھنا۔ بڑھانا | اچھا اخلاق انسان کی شخصیت کو چار چاند لگا دیتا ہے۔ |
| چاند پر تھُوکنا | نیک آدمی کو بدنام کرنا | اچھی سیرت والے کو غیبت سے فرق نہیں پڑتا کیونکہ چاند پر تھوکا واپس اپنے منہ پر ہی آتا ہے۔ |
| چراغ تلے اندھیرا | قریب کے لوگوں کو سہولت کا فائدہ نہ دینا | غریب ہمسائے کو چھوڑ کر دوردراز امداد پہنچانا چراغ تلے اندھیرے کے مترادف ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| چراغ گل ہونا | تباہ ہونا | بہادر شاہ ظفر کی گرفتاری سے مغل بادشاہت کا چراغ گل ہو گیا۔ |
| چرچا ہونا | شہرت ہونا | آج کل پوری دُنیا میں چینی مصنوعات کا چرچا ہو رہا ہے۔ |
| چڑھتے سورج کی پوجا کرنا | صاحب اقتدار کی خوشامد کرنا | کچھ کالم نویس چڑھتے سورج کی پوجا کرنے میں ثانی نہیں رکھتے |
| چشم پوشی کرنا | عیب چھپانا | اولاد کی غلطیوں پر چشم پوشی کرنا والدین کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ |
| چکنی چپڑی باتیں کرنا | میٹھی میٹھی خوشامد کی باتیں کرنا | مطلب پرست دوست چکنی چپڑی باتیں کر کے اپنا مطلب نکال لیتے ہیں۔ |
| چل بسنا | مرجانا | اس سال چار عظیم انسان دنیا سے چل بسے۔ |
| چلن بھول جانا | طریقہ چھوڑ دینا | ہماری نوجوان نسل مغربی فلمیں دیکھ کر اپنا چلن بھولتی جا رہی ہے۔ |
| چمپت ہو جانا | غائب ہو جانا | پولیس کو آتے دیکھ کر چور چمپت ہو گیا۔ |
| چنگاری ڈالنا | جھگڑا پیدا کرنا | دوستوں کے درمیان چنگاری ڈالنا گھٹیا لوگوں کا کام ہے۔ |
| چودہ طبق روشن ہونا | عقل ٹھکانے آنا | جیل کے عقوبت خانوں میں رہ کر ڈاکوؤں کے چودہ طبق روشن ہو گئے۔ |
| چودھویں کا چاند | بہت خوبصورت ہونا | لیڈی ڈیانا چودھویں کا چاند دکھائی دیتی تھی۔ |
| چوکڑی بھرنا | اُچھلنا کودنا | جنگل کے آزاد ماحول میں ہرن چوکڑیاں بھرتے پھرتے ہیں۔ |
| چولی دامن کا ساتھ ہونا | گہرا تعلق ہونا | اُستاد اور شاگرد کا چولی دامن کا ساتھ ہوتا ہے۔ |
| چہرہ اُترنا | اُداس ہونا | امتحان میں اپنی ناکامی کی خبر سن کر طالبہ کا چہرہ اُتر گیا۔ |
| چہرے کی ہوائیاں اڑنا | اچانک ڈر جانا۔ بدحواس ہو جانا۔ | کتے کے اچانک حملے سے رخسانہ کے چہرے کی ہوائیاں اڑ گئیں۔ |
| چھاتی پر پتھر رکھنا | غم برداشت کرنا | باپ نے چھاتی پر پتھر رکھ کر بیٹے کو سات سمندر پار بھیجا۔ |
| چھاتی پر مونگ دلنا | کسی کو تکلیف دینا | اسرائیل کا بیت المقدس پر قبضہ مسلمانوں کی چھاتی پر مونگ دلتا رہا ہے۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| چھکّے چھوٹ جانا | ہمّت ہار بیٹھنا۔ ہار جانا | جہانگیر خان سے مقابلے میں برطانوی کھلاڑی کے چھکّے چھوٹ گئے۔ |
| چھوٹا منہ بڑی بات | ادب کے ساتھ تنقید کسر نفسی | جمیل نے عارف سے کہا چھوٹا منہ بڑی بات پر تمھارے والد کی عیاشی تم سب کو برے دن دکھائے گی۔ |
| چیں بہ چیں ہونا | برہم ہونا۔ ناراض ہونا | طالب علم کی بدتمیزی پر اساتذہ کے چیں بہ چیں ہو گئے۔ |
| چیونٹی کے پر نکلنا | چالاک و چاتر پر تنقید | ردا کی چالاکیاں دیکھ کر اسکی دادی کہتی ہیں لو چیونٹی کے بھی پر نکل آئے۔ |
| چرکا لگنا | زخم لگنا۔ دُکھ پہنچنا | نافرمان اولاد کا ہر بُرا فعل والدین کو چرکا لگاتا ہے۔ |
| چھٹی کا دودھ یاد آنا | مُصیبت میں آرام یاد آنا | لبنان پر حملہ کرتے ہی اسرائیل کو چھٹی کا دودھ یاد آ گیا۔ |
| چلّو بھر پانی میں ڈوب مرنا | بہت شرمندہ ہونا | شکست فاش پر بھارتی ٹیم کو چلّو بھر پانی میں ڈوب مرنا چاہیے۔ |
| حاتم طائی کی قبر پر لات مارنا | کنجوسی سے امداد کرنا | احمد کے پاس لاکھوں کی دولت ہے مگر جب معذور کی امداد کی باری آئی تو اس نے حاتم طائی کی قبر پر لات مارتے ہوئے دس روپے دیے۔ |
| حاشیہ چڑھانا | بات بڑھانا | رشتے دار حاشیہ چڑھا کر ہنستے بستے گھر برباد کر دیتے ہیں۔ |
| حجامت بنانا | لُوٹنا | لبرٹی مارکیٹ کا ہر دکاندار خریداروں کی خُوب حجامت بناتا ہے۔ |
| حرف آنا | بدنامی ہونا۔ اعتراض ہونا | سمجھدار اولاد اپنے والدین کی عزت پر کبھی حرف نہیں آنے دیتی۔ |
| حسرت برسنا | افسردگی چھا جانا | مغل بادشاہ جہانگیر کے مقبرے پر حسرت برس رہی ہے۔ |
| حشر برپا کرنا | بہت شور مچانا | ضدّ پوری نہ ہونے پر بچے حشر برپا کر دیتے ہیں۔ |
| حلوائی کی دوکان پر نانا جی کی فاتحہ | طفل تسلی دینا باتوں میں ٹرخانا | عارف سے مدد مانگی تو اس نے حلوائی کی دوکان پر نانا جی کی فاتحہ پڑھوا دی اور کام بھی نہ کیا۔ |
| حواس باختہ ہونا | ہوش ٹھکانے نہ رہنا | زلزلے کے شدید جھٹکوں سے لوگ حواس باختہ ہو گئے۔ |
| خاطر جمع رکھنا | حوصلہ رکھنا | اچھے رہنُما کی موجودگی میں مسافروں کو خاطر جمع رکھنی چاہیے۔ |
| خاطر میں نہ لانا | پرواہ نہ کرنا | پیسہ آنے کے بعد گھٹیا لوگ کسی کو خاطر میں نہیں لاتے۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| خاک اُڑنا | برباد ہونا | امریکی بمباری سے افغانستان کے شہروں میں خاک اڑ رہی ہے۔ |
| خاک چھاننا | بہت تلاش کرنا | پریشان ماں باپ نے دَر دَر کی خاک چھانی لیکن ان کا بیٹا نہ ملا۔ |
| خاک میں ملانا | برباد کرنا | ہماری بہادر فوج نے دشمن کے خطرناک ارادے خاک میں ملا دیئے۔ |
| خاک وخون میں لوٹنا | دورانِ جنگ زخمی ہونا | عراقی فوجی میدان جنگ میں خاک وخون مرلوٹ رہے تھے۔ |
| خاک ہوجانا | برباد ہونا۔ مِٹ جانا | والدین اولاد کی بھلائی کی خاطر خاک ہوجاتے ہیں۔ |
| خاک ہونا | تباہ ہوجانا۔ مٹ جانا۔ ذلت آمیز تباہی۔ | پاک فوج نے دشمن کا غرور خاک میں ملا دیا۔ |
| خدا خدا کر کے | بہت مشکل یا دشواری سے | خدا خدا کر کے جولائی میں جا کر ساون کی پہلی بارش ہوئی۔ |
| خربوزے کو دیکھ کر خربوزے کا رنگ پکڑنا | دیکھا دیکھی بدعادات میں مبتلا ہونا | جھوٹ پکڑے جانے کے بعد امی نے میرا عرفان کے ساتھ کھیلنا بند کر دیا وہ کہتی ہیں خربوزے کو دیکھ کر خربوزہ رنگ پکڑتا ہے۔ |
| خلیج حائل ہونا | اختلاف پیدا ہونا | پچھلے پچاس سال سے پاک بھارت تعلقات میں مسئلہ کشمیر کی طرح خلیج حائل ہے۔ |
| خمیازہ بھگتنا | سزا پانا۔ بدلہ پانا | آدمی ناکامی کی صورت میں اپنی غلطیوں کا خمیازہ بھگتتا ہے۔ |
| خوابیدہ فتنے جگانا | دبی ہوئی بات کو پھر اُٹھانا | قاتل کے گاؤں میں آتے ہی خوابیدہ فتنے جاگ گئے۔ |
| خوابِ خرگوش کے مزے لینا | غفلت کا شکار ہونا | جو آج خوابِ خرگوش کے مزے لے گا کل ناکامی اسکا مقدر ہوگی۔ |
| خون پسینہ ایک کرنا | بہت محنت کرنا | اچھے طالب علم اعلیٰ مقام پانے کے لیے خون پسینہ ایک کر دیتے ہیں۔ |
| خون سفید ہونا | بے دید ہوجانا۔ غیر ہوجانا | دولت نے ایسا خون سفید کیا کہ بھائی کو بھائی سے دور کر دیا۔ |
| خون کا پیاسا ہونا | جان کا دشمن | گلی محلے کا جھگڑا ایسا بڑھا کہ دونوں خاندان ایک دوسرے کے خون کے پیاسے ہوگئے۔ |
| خیالی پلاؤ پکانا | خیالی منصوبے بنانا | کاہل لوگ خیالی پلاؤ پکانے کے ماہر ہوتے ہیں۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| خیالی گھوڑے دوڑانا | بے عملی کا مظاہرہ کرنا | خیالی گھوڑے دوڑانا چھوڑ و اور کام پر جاؤ۔ |
| خیر باد کہنا | چھوڑ دینا | مدت ہوئی میں نے سگریٹ نوشی کو خیر باد کہہ دیا ہے۔ |
| خدا پر چھوڑنا | اللہ پر بھروسا کرنا | نیک آدمی محنت کے بعد نتیجہ خدا پر چھوڑ دیتے ہیں۔ |
| خدا سے لو لگانا | خدا کی طرف دھیان لگانا | دنیا سے تنگ آ کر شریف آدمی خدا سے لو لگا لیتے ہیں۔ |
| خدا لگتی کہنا | سچی بات کہنا | بہادر لوگ ظالموں کے منہ پر بھی خدا لگتی بات کہہ دیتے ہیں۔ |
| خون کے گھونٹ پینا | بہت زیادہ بے عزتی برداشت کرنا۔ | غنڈے کے منہ سے گالیاں سن کر شریف آدمی خون کے گھونٹ پی کر رہ گیا۔ |
| داغ بیل ڈالنا | بنیاد رکھنا | مسلم لیگ کی داغ بیل 1906ء میں ڈالی گئی تھی۔ |
| دال میں کالا ہونا | شک والی بات | دال میں کچھ کالا ہے تب ہی تو نوکر کا چہرہ پیلا پڑ گیا ہے۔ |
| دال نہ گلنا | کامیاب نہ ہونا | ہزار کوشش کے باوجود بھی خالدہ کی اپنے سسرال میں دال نہ گلی۔ |
| دامن بچانا | عزت بچانا | نیک لوگ گناہوں سے اپنا دامن بچاتے ہیں۔ |
| دامن تھام لینا | سہارا لینا | مسلمان مشکل کے وقت اللہ کا دامن تھام لیتے ہیں۔ |
| دامن چھڑانا | بچنا۔ جان چھڑانا | نکمے اور ناکارہ لوگ ہمیشہ فرائض سے دامن چھڑاتے ہیں۔ |
| دامن گیر ہونا | الزام دھرنا | بیوہ عورت ظالم رشتہ داروں کی روزِ حشر دامن گیر ہوگی۔ |
| دانت پیسنا | نہایت غصے میں ہونا | ایران کے ایٹمی معاملے پر امریکہ دانت پیسنے لگا ہے۔ |
| دانت کھٹے کرنا | شکست دینا | دشمن کے دانت کھٹے کرنے کے لیے قوتِ ایمانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ |
| درپے ہونا | پیچھے پڑ جانا | آج کل امریکہ ایران پر حملہ کرنے کے درپے ہے۔ |
| دردِ سر بن جانا | مصیبت ہونا | آج کل جائیداد کا مسئلہ میرے لیے دردِ سر بن گیا ہے۔ |
| دریا کو کوزے میں بند کرنا | بہت کم الفاظ میں بڑی بات کہنا | جمیل نے طویل بحث یوں سمیٹی گویا دریا کو کوزے میں بند کر دیا۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| دریا میں رہنا اور مگر مچھ سے بیر | طاقت ور کی طاقت کو خاطر میں نہ لانا | راشی افسر کے خلاف گواہی دینا ایسے ہی تھا جیسے دریا میں رہنا اور مگر مچھ سے بیر۔ |
| دست نگر ہونا | محتاج ہونا | غریب مزارعے وڈیروں کے دستِ نگر رہتے ہیں۔ |
| دست و گریباں ہونا | لڑنا جھگڑنا | ذرا سی بات پر دو دوست آپس میں دست و گریباں ہو گئے۔ |
| دل بجھنا | طبیعت اداس ہونا | والدہ کے انتقال کے بعد ذاکر کا دل بجھ گیا۔ |
| دل بلّیوں اُچھلنا | دل بے قرار ہونا | ایئر پورٹ پر اپنے بھائی کے انتظار میں میرا دل بلّیوں اُچھل رہا تھا۔ |
| دل بھر آنا | رقت طاری ہونا | یتیم بچوں کو دیکھ کر میرا دل بھر آتا ہے۔ |
| دل پر گزرنا | صدمہ ہونا | والدہ کی وفات کے بعد میرے دل پر کیا گزر رہی ہے کوئی نہیں جانتا۔ |
| دل توڑنا | صدمہ پہنچانا | کسی کا دل توڑنا گناہ سے کم نہیں۔ |
| دل شکستہ ہونا | مایوس ہونا | وطنِ عزیز کے حالات پر ہر کوئی دل شکستہ ہے۔ |
| دل کا غبار نکالنا | غم کا اظہار کرنا | آدمی دوسروں سے باتیں کر کے اپنے دل کا غبار نکال لیتا ہے۔ |
| دل میں چٹکی لینا | بے قرار ہونا یا کرنا | بچپن کے خوبصورت دن میرے دل میں اکثر چٹکیاں لیتے ہیں۔ |
| دل میں گھر کرنا | دل پر اثر کرنا۔ پسند آنا | اچھا نوکر اپنے مالکوں کے دل میں گھر کر لیتا ہے۔ |
| دل ہارنا | نااُمید ہونا | محنت کرنے والے کبھی بھی دل نہیں ہارتے۔ |
| دم بھرنا | تعریف کرنا | اعلیٰ اخلاق کے حامل لوگوں کا ہر کوئی دم بھرتا ہے۔ |
| دم توڑنا | جان دینا | حادثے میں زخمی ہونے والا شخص ہسپتال میں دم توڑ گیا۔ |
| دنداں شکن جواب دینا | لاجواب کر دینا | جنگِ بدر میں مسلمانوں نے کافروں کو دنداں شکن جواب دیا۔ |
| دوچار ہونا | سامنا ہونا | میرا دوست آج کل مالی مشکلات سے دوچار ہے۔ |
| دودھ کا دودھ پانی کا پانی | جھوٹ سچ الگ کرنا | راشد کی گواہی نے بھری عدالت میں دودھ کا دودھ پانی کا پانی کر دیا۔ |
| دور کے ڈھول سہانے | انجان جگہ کی بلاوجہ تعریف | الیاس کے منہ سے گاؤں کی بلاوجہ تعریفیں سن کر میں نے بھی کہہ دیا بھائی دور کے ڈھول سہانے ہی لگتے ہیں۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| دوڑ دھوپ کرنا | بہت کوشش کرنا | بڑی دوڑ دھوپ کے باوجود بھی نوکری نہیں مل رہی۔ |
| دھاک بٹھانا | خوب رعب ڈالنا | افغانستان پر حملے سے امریکہ نے پوری دُنیا پر اپنی دھاک بٹھالی۔ |
| دھاڑیں مار مار کر رونا | زور زور سے رونا | حادثے میں ہلاک ہونے والوں کے ورثاء دھاڑیں مار مار کر رو رہے تھے۔ |
| دھاک بیٹھنا | رعب پڑنا | کرکٹ کے کھیل میں عمران خان کی گیند بازی کی ایک عرصے تک دھاک بیٹھی رہی۔ |
| دھجیاں اڑانا | خوب خبر لینا | با اثر لوگ سرِعام قانون کی دھجیاں اُڑاتے ہیں۔ |
| دھوبی کا کتا گھر کا نہ گھاٹ کا | جس کا کوئی ایک باعزت ٹھکانہ نہ ہو | دو شادیوں اور گھروں کے بعد بھی اسلم کی حالت دھوبی کے کتے والی ہے جسکا گھر ہے نہ گھاٹ۔ |
| دم بخود رہ جانا | حیران رہ جانا | دس بچوں کے قتل کی خبر سُن کر ہر کوئی دم بخود رہ گیا۔ |
| دُم دبا کر بھاگنا | بھاگ جانا۔ فرار ہو جانا | پولیس کے آنے کی خبر سُن کر ڈاکو دُم دبا کر بھاگ گئے۔ |
| دُوبدُو ہونا | مقابل ہونا۔ آمنا سامنا ہونا | بے گناہ شخص نے جج کے دُوبدُو ہوتے ہی سارا قصہ بیان کر دیا۔ |
| دُھوپ میں بال سفید کرنا | ناتجربہ کار ہونا۔ بوڑھے ہو کر بھی ناتجربہ کار رہنا | میں مکار لوگوں سے نمٹنا جانتا ہوں کیونکہ میں نے دُھوپ میں بال سفید نہیں کیے۔ |
| ڈنڈے بجانا | بے کار پھرنا | پڑھائی چھوڑ کر خالد آج کل ڈنڈے بجاتا پھرتا ہے۔ |
| ڈنکا بجنا | شُہرت ہونا | آج کل دنیا میں چینی مصنوعات کا ڈنکا بج رہا ہے۔ |
| ڈنکے کی چوٹ پر کہنا | کھلم کھلا کہنا | نڈر انسان ڈنکے کی چوٹ پر سچی بات کہہ دیتا ہے۔ |
| ڈوبتے کو تنکے کا سہارا | مشکل میں آسرا ڈھونڈھنا | دنیا سے کٹ جانے کے بعد بھارت نے نیپال کے ساتھ پینگیں بڑھانا شروع کر دیں اسے کہتے ہیں ڈوبتے کو تنکے کا سہارا۔ |
| ڈورے ڈالنا | اپنی طرف مائل کرنا۔ جال میں پھنسانا۔ | خوشامدی لوگ اعلیٰ عہدے داروں پر چاپلوسی کے ڈورے ڈال کر اپنا مطلب نکال لیتے ہیں۔ |
| ڈھارس بندھانا | تسلی دینا | کڑے وقت میں مصیبت زدہ لوگوں کی ڈھارس بندھانا بڑی نیکی ہے۔ |
| ڈھنڈیا مچنا | شور و غل ہونا | بچّہ گم ہونے پر پُورے محلّے میں ڈھنڈیا مچ گئی۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| ڈھول کا پول کھلنا | اصلیت ظاہر ہونا | دنیا میں امریکہ کے ڈھول کا پول کھل گیا ہے اب کوئی ملک اس کا اعتبار نہیں کرتا۔ |
| ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانا | الگ رائے رکھنا | ڈیرھ اینٹ کی مسجد بنانے کے بجائے ہمیں اہم موقعوں پر قومی اتحاد کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔ |
| ڈینگیں مارنا | شیخی بگھارنا | آج کل ہندوستان پاکستان کو نیچا دکھانے کے لیے ڈینگیں مار رہا ہے۔ |
| رات دن ایک کرنا | لگاتار کوشش کرنا | مستریوں نے رات دن ایک کر کے دیوار مکمل کر دی۔ |
| راس آنا | موافق آنا | مجھے شمالی علاقوں کی آب وہوا بڑی راس آتی ہے۔ |
| رال ٹپکنا | دل میں لالچ ہونا | بُھنا گوشت دیکھتے ہی میری رال ٹپکنے لگی۔ |
| رام کرنا | مطیع کرنا | آدمی محبت سے وحشی جانوروں کو بھی رام کر لیتا ہے۔ |
| رائی کا پہاڑ بنانا | معمولی بات کو بڑھا دینا | رائی کا پہاڑ بنانا کوئی یہودیوں سے سیکھے۔ |
| راہ دیکھنا | انتظار کرنا | میرے والدرات دیر تک میری راہ دیکھتے رہے۔ |
| راہ لینا | چل دینا | مسافر نے کچھ دیر آرام کیا اور پھر اپنی راہ لی۔ |
| رپٹ جانا | پھسل جانا | بچہ سڑک پر رپٹ گیا۔ |
| رختِ سفر باندھنا | روانہ ہونا | میرے دادا اسی ماہ حج کے لیے رختِ سفر باندھیں گے۔ |
| رسی جل گئی بل نہ گیا | منہ کی کھا کر بھی اکڑ نہ جانا | جنگ ستمبر میں بھارت نے منہ کی کھانے کے بعد بھی اکڑ نہیں چھوڑی اسے کہتے ہیں رسی جل گئی پر بل نہ گئے۔ |
| رسی دراز ہونا | ڈھیل ملنا | قدرت بُرے آدمی کی رسی دراز کر دیتی ہے۔ |
| رفو چکر ہونا | کھسک جانا | نوسر باز دیہاتی سے پیسے ٹھگتے ہی رفو چکر ہو گیا۔ |
| رقت طاری ہونا | رونا۔ دل بھر آنا | کربلا کے واقعات سن کر مجھ پر رقت طاری ہو جاتی ہے۔ |
| رنگ اُڑنا | ڈر جانا، خوفزدہ ہونا | پولیس کو دیکھ کر چور کا رنگ اُڑ گیا۔ |
| رنگ جمانا | اثر دکھانا | مقرر نے محفل میں رنگ جما دیا۔ |
| رنگ رلیاں منانا | خوب عیش کرنا | رنگ رلیاں منانے والے غریبوں کا خیال نہیں رکھتے۔ |
| رنگ فق ہونا | رنگ اُڑ جانا۔ گھبرا جانا | خطرناک سانپ دیکھ کر میرا رنگ فق ہو گیا۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| رنگ لانا | اثر دکھانا | شہیدوں کا لہو رنگ لاتا ہے تو آزادی ملتی ہے۔ |
| رنگ میں بھنگ ڈالنا | بے مزگی پیدا کرنا | خالد اپنی بے تکی باتوں سے رنگ میں بھنگ ڈال دیتا ہے۔ |
| رونق دوبالا کرنا | رونق بڑھانا | محفل موسیقی میں نور جہاں کے گائے نغموں نے رونق دوبالا کردی۔ |
| رونگٹے کھڑے ہونا | بہت خوفزدہ ہونا | قیام پاکستان کے دردناک واقعات پڑھ کر رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں۔ |
| ریل پیل ہونا | دولت میں کھیلنا | بیٹے کے امریکہ جاتے ہی فیروز کے گھر میں پیسے کی ریل پیل ہوگئی۔ |
| ریوڑی کے پھیر میں آنا | لالچ کرنا | کبھی کبھار نیک آدمی بھی ریوڑی کے پھیر میں آ جاتا ہے۔ |
| زاروقطار رونا | بہت رونا | معصوم بچّے کی موت پر ماں زاروقطار رو رہی تھی۔ |
| زبان خلق نقارہ خدا | لوگوں کی خواہشات میں رب کی رضا ہے | ظالم حکمران کے خلاف عوامی احتجاج زبان خلق نقارہ خدا، کے مترادف ہے۔ |
| زبان درازی کرنا | بدزبانی کرنا | ہمارے ہاں زبان درازی کرنے پر بچّوں کو سزا دی جاتی ہے۔ |
| زبانِ زدِ عام ہونا | مشہور ہونا | آج کل عراقیوں پر امریکی ظلم کی کہانیاں زبان زدِ عام ہیں۔ |
| زخم ہرا ہونا | غم تازہ ہونا | اپنے مرحوم باپ کے قاتل کو دیکھ کر میرا زخم ہرا ہو جاتا ہے۔ |
| زخموں پر نمک چھڑکنا | مُصیبت میں اضافہ کرنا | کسی کے زخموں پر نمک چھڑکنے کی بجائے اُس سے ہمدردی کرنی چاہیے۔ |
| زک اٹھانا | ہار ماننا، شرمندہ ہونا | محنت سے جی چُرانے والے لوگ زندگی میں قدم قدم پر زک اُٹھاتے ہیں۔ |
| زمین آسمان کا فرق | بہت زیادہ فرق ہونا | دونوں گواہوں کے بیانات میں زمین آسمان کا فرق تھا۔ |
| زمین پر پاؤں نہ رکھنا | مغرُور ہونا۔<br>غُرور کرنا۔ | ڈیفنس میں گھر کیا بنالیا خالد صاحب تو زمین پر پاؤں ہی نہیں رکھتے۔ |
| زمین میں گڑ جانا | نہایت شرمندہ ہونا | مشرقی پاکستان کی علیٰحدگی پر پاکستانی قوم گویا زمین میں گڑ گئی۔ |
| زمین آسمان کے قلابے ملانا | مبالغہ کرنا۔<br>بڑھا چڑھا کر بتانا۔ | ساجد اپنے بزرگوں کے قصّے سناتے ہوئے زمین آسمان کے قلابے ملا دیتا ہے۔ |
| زندگی وبال ہونا | سخت مصیبت میں ہونا۔<br>جان عذاب میں ہونا۔ | غُربت کی وجہ سے زندگی وبال ہو کر رہ جاتی ہے۔ |
| زندہ درگور ہونا | سخت تکلف میں گرفتار ہونا | بیٹے کی گرفتاری کی خبر نے بوڑھے والدین کو زندہ درگور کر دیا۔ |
| زہر اُگلنا | غصے کا اظہار کرنا۔<br>خلاف بولنا۔ | بی بی سی ٹیلی ویژن اسلامی دُنیا کے خلاف زہر اُگلتا ہے۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| زہر کے گھونٹ پینا | غصے کو ضبط کرنا | اولاد کی نافرمانی پر والدین زہر کے گھونٹ پیتے ہیں۔ |
| زیروزبر کرنا | تباہ و برباد کرنا | چنگیز خان نے اپنے حملوں سے بغداد کو زیروزبر کردیا۔ |
| سازباز کرنا | سازش کرنا | ہندوستان پاکستان کے خلاف سازباز کرتا رہتا ہے۔ |
| سانپ بھی مرجائے لاٹھی بھی نہ ٹوٹے | اپنا نقصان کیے بغیر مشکل سر کرنا | جرمنی امریکا کو اس نکتے پر لے آیا کہ سانپ بھی مرگیا اور لاٹھی بھی نہ ٹوٹی۔ |
| سانپ سونگھ جانا | بے موقع خاموشی اختیار کرنا | فائنل میچ ہار کر بھارتی میڈیا کو بھی سانپ سونگھ گیا۔ |
| سانچے میں ڈھلنا، | خوبصورت بنانا | بے ربط الفاظ کو سانچے میں ڈھالا گیا تو ایک قابل قدر مضمون بن گیا۔ |
| سایہ سر سے اٹھنا | فوت ہوجانا۔ باقی نہ رہنا۔ | اجمل کے ماں باپ کا سایہ بچپن ہی میں اس کے سر سے اٹھ گیا۔ |
| سبز باغ دکھانا | لالچ دینا | بازار میں چالاک دکاندار گاہکوں کو سبز باغ دکھا کر لوٹ رہے ہیں۔ |
| ستارہ گردش میں ہونا | بُرے دن آنا | انسان کی قسمت کا ستارہ گردش میں ہو تو اُس کا ہر کام بگڑ جاتا ہے۔ |
| سر اُٹھانا | ہمت دکھانا | ظلم کے خلاف سر اُٹھانے والے لوگ قوم کے محسن ہوتے ہیں۔ |
| سر بکف ہونا | مرنے کے لیے تیار ہونا | اسلام کی سربلندی کے لیے سربکف ہونا ہر مسلمان کی آرزو ہے۔ |
| سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا | فوراً بھاگ کھڑے ہونا | پولیس کو دیکھتے ہی ڈاکو سر پر پاؤں رکھ کر بھاگے۔ |
| سر پر چڑھانا | گستاخ اور بے ادب بنانا | اولاد کو سر پر چڑھانا والدین کی حماقت ہے۔ |
| سر پر کفن باندھنا | جان دینے کے لیے تیار رہنا | اسلامی لشکر سر پر کفن باندھ کر میدانِ جنگ میں اُترتا ہے۔ |
| سر دُھننا | وجد میں آنا۔ خوش ہونا۔ | اچھی قوالی پر آج بھی لوگ سر دُھنتے ہیں۔ |
| سر سے پانی گزرنا | مصیبت کا حد سے بڑھنا | پھیپھڑوں کے کینسر کے بعد نوید نے سگریٹ چھوڑ دیے پر اب پانی سر سے گزر چکا تھا۔ |
| سر میں سودا سمانا | مضبوط جذبہ یا جنون رکھنا | میرے سر میں وطن کی محبت کا سودا سمایا ہوا ہے۔ |
| سر آنکھوں پر بٹھانا | بہت عزت کرنا | ساری پاکستانی قوم اپنے چینی مہمانوں کو سر آنکھوں پر بٹھاتی ہے۔ |
| سرخاب کے پر لگنا | حیثیت بدل جانا | امریکا سے واپس پر اشرف سمجھتا ہے کہ اسے سرخاب کے پر لگ گئے ہیں۔ |
| سردھڑ کی بازی لگانا | بہت کوشش کرنا | مجاہدین کشمیر کی آزادی کے لیے سردھڑ کی بازی لگا رہے ہیں۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| سکہ بیٹھنا/ بٹھانا | رعب جمانا | کرکٹ کی دُنیا میں عمران خان نے گیند بازی میں اپنی اعلیٰ مہارت کا سکہ بٹھایا۔ |
| سماں باندھنا | رنگ جمانا | مہدی حسن اپنی گلوکاری سے سماں باندھ دیتے ہیں۔ |
| سناٹے میں آجانا | حیران ہوجانا | دوست کی خودکشی کی خبر سن کر میں سناٹے میں آ گیا۔ |
| سوسنار کی ایک لوہار کی | ایک ہی وار میں حساب بے باک کرنا | فیصل کے مسلسل واویلے پر اسے ایسا سبق سکھایا جیسے سنار کی سو کے بدلے لوہار ایک لگاتا ہے۔ |
| سورج کو چراغ دکھانا | کسی عقل مند کو عقل کی بات سمجھانا | دانا انسان کو بات سمجھانا سورج کو چراغ دکھانے کے برابر ہے۔ |
| سیخ پا ہونا | غُصّے میں آنا | ٹریفک سپاہی موٹر سائیکل سوار کے بھاگ جانے پر سیخ پا ہوگیا۔ |
| سیدھا کرنا | درست کردینا | وقت بڑے بڑوں کو سیدھا کردیتا ہے۔ |
| سیدھے مُنہ بات نہ کرنا | بے رُخی برتنا | سیدھے مُنہ بات نہ کرنا بڑی اخلاقی بُرائی ہے۔ |
| سینگ سمانا | پناہ ملنا | زلزلے سے متاثر لوگوں کے جہاں سینگ سمائے وہ وہاں چلے گئے۔ |
| سینہ سپر ہونا | مصیبتوں کا سامنا کرنا | مسلمان ظلم و جبر کے خلاف سینہ سپر ہوجاتے ہیں۔ |
| سینے پر سانپ لوٹنا | حسد ہونا۔ دُکھ ہونا | پاکستان کے لیے امریکی امداد کا سُن کر بھارت کی چھاتی پر سانپ لوٹنے لگتے ہیں۔ |
| سُرخرو ہونا | کامیاب ہونا | آخرت میں نیک لوگ ہی سُرخرو ہوں گے۔ |
| شامت آنا | بُرا وقت آنا | مہنگائی میں اضافے سے غریبوں کی شامت آ گئی۔ |
| شب خون مارنا | رات کو بغیر اطلاع اچانک حملہ کرنا | شب خون مارنا ایک بہترین جنگی حکمتِ عملی ہے۔ |
| شرمندۂ تعبیر ہونا | پُورا ہونا | برِصغیر کے مسلمانوں کے لیے ایک آزاد مُلک کا خواب 1947ء میں شرمندۂ تعبیر ہوا۔ |
| شش و پنج میں پڑنا | اُلجھن میں پڑنا۔ حیران ہونا | امریکہ اور بھارت کی دوستی سے پاکستانی حکمران شش و پنج میں پڑ گئے ہیں۔ |
| شعلہ زن ہونا | روشن ہونا | میرے دل میں اسلام کی محبت شعلہ زن ہے۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| شیر بکری کا ایک گھاٹ پر پانی پینا | انصاف کا دور دورہ ہونا | اسلام کے ابتدائی دور میں شیر بکری ایک گھاٹ سے پانی پیتے تھے۔ |
| شیرازہ بکھرنا | درہم برہم ہونا | جو قوم اخلاقی برائیوں میں مبتلا ہو جائے اس کا شیرازہ بکھر جاتا ہے۔ |
| شیشے میں اُتارنا | اپنا بنالینا۔<br>اپنے قابو میں کرلینا | چالاک دوکان دار سیدھے سادے گاہکوں کو بڑی مہارت سے شیشے میں اُتار لیتا ہے۔ |
| شیطان کی آنت | بہت طویل اور غیر پسندیدہ | سردیوں کی راتیں شیطان کی آنت جیسی لمبی ہوتی ہیں |
| شیر و شکر ہونا | محبت پیدا ہونا۔<br>بہت قریب ہونا۔ | وسیع تر انسانی بھلائی کی خاطر ہندو پاک کے عوام کو شیر و شکر ہو جانا چاہیے۔ |
| صبر کا پیمانہ لبریز ہونا | مزید صبر نہ کرسکنا | مسلسل ظلم سہتے ہوئے کشمیریوں کے صبر کا پیمانہ لبریز ہو گیا ہے۔ |
| صلواتیں سنانا | بُرا بھلا کہنا | معمولی سی غلطی پر افسر نے ملازم کو خوب صلواتیں سنائیں۔ |
| طبیعت کا غنی ہونا | سخی ہونا | میرے دادا طبیعت کے بڑے غنی تھے۔ |
| طرح دینا | ٹالنا | پاکستان کو مراعات دینے کے مطالبے پر امریکہ ہمیشہ طرح دے جاتا ہے۔ |
| طرح ڈالنا | بنیاد رکھنا | اردو شاعری میں گیت کی طرح حفیظ جالندھری نے ڈالی۔ |
| طرارے بھرنا | اچھلنا کودنا | شام کے وقت باغ میں بچے طرارے بھرتے نظر آتے ہیں۔ |
| طشت از بام ہونا | راز ظاہر ہونا | ایران پر امریکی حملے کی خبریں طشت از بام ہو رہی ہیں۔ |
| طلسم ٹوٹ جانا | اثر ختم ہونا | چینی مصنوعات کا طلسم جلد ہی ٹوٹ جائے گا۔ |
| طوطا چشمی کرنا | بے وفائی کرنا | طوطا چشمی کرنے والے مصیبت میں تنہا رہ جاتے ہیں۔ |
| طوطی بولنا | شُہرت ہونا | آج کل کرکٹ کی دنیا میں شعیب اختر کا طوطی بول رہا ہے۔ |
| طوفان کھڑا کرنا | فساد کرنا | ایران کے ایٹمی مسئلے پر امریکہ نے دُنیا بھر میں طوفان کھڑا کر دیا ہے۔ |
| طومار باندھنا | مبالغہ کرنا۔<br>بہت باتیں کرنا۔ | بے وقوف آدمی اپنی تعریف کرنے پر آتا ہے تو طومار باندھ دیتا ہے۔ |
| عذاب مول لینا | خود مصیبت میں پھنسنا | میں نے پُرانی گاڑی خرید کر عذاب مول لے لیا ہے۔ |
| عرش پر چڑھانا | بہت تعریف کرنا۔<br>دماغ خراب کرنا۔ | خوشامدی لوگ اپنے مفاد کے لیے حکمرانوں کو عرش پر چڑھا دیتے ہیں۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| عرق ریزی کرنا | سخت محنت کرنا | میں نے بہت بڑی عرق ریزی کی لیکن اقبالؔ کا فارسی کلام میری سمجھ میں نہ آیا۔ |
| عش عش کرنا | بہت زیادہ تعریف کرنا | صادقین کی تصویریں دیکھ کر لوگ عش عش کر اٹھے۔ |
| عقدہ وا ہونا | مشکل حل ہونا | قانون کی کتاب میں ہر قانونی عقدہ وا ہوجاتا ہے۔ |
| عقل پر پتھر (پردہ) پڑنا) | بے سمجھی اور کم عقلی کی بات کرنا | میرے نوکر کی عقل پر ایسے پتھر پڑے کہ وہ ناقص گھی مہنگے داموں خرید لایا۔ |
| عقل پر پردہ پڑنا | بے سمجھی کی بات کرنا | بُرا وقت آتے ہی انسان کی عقل پر پردہ پڑ جاتا ہے۔ |
| عقل کے گھوڑے دوڑانا | بہت غور کرنا | عقل کے دوڑے دوڑا کر ہر مشکل کام آسان کیا جا سکتا ہے۔ |
| عقل کے ناخن لینا | ہوش کی بات کرنا | ہمیں عقل کے ناخن لیتے ہوئے آوارہ گردی کی بجائے پڑھائی پر توجہ دینا چاہیے۔ |
| عید کا چاند ہونا | مدت بعد ملنا | تمھیں دیکھنے کو آنکھیں ترس گئی تھیں تم تو گویا عید کے چاند ہی بن گئے ہو۔ |
| غصہ تھوک دینا | غصہ چھوڑ دینا | بزرگوں کے صلح کرانے پر ہمیں غصہ تھوک دینا چاہیے۔ |
| غضب ڈھانا | ظلم کرنا | مالک نے غضب ڈھایا، مار مار کر نوکر کا بازو توڑ دیا۔ |
| غم کے پہاڑ ٹوٹ پڑنا | شدید غم میں مبتلا ہونا | جوانی کی بیوگی نے توزرینہ پر غموں کے پہاڑ ہی توڑ ڈالے۔ |
| غُبار نکالنا | دل کی بھڑاس نکالنا | میں نے اپنے نوکر کو ڈانٹ کر اپنے دل کا غُبار نکال لیا۔ |
| قبر میں پاؤں ہونا | مرنے کے قریب ہونا | قبر میں پاؤں ہونے کے باوجود بعض لوگ مکاری سے باز نہیں آتے۔ |
| قصہ تمام ہونا | ہلاک کر دینا | امریکہ نے بڑے بڑے مسلمان رہنماؤں کا قصہ تمام کر دیا ہے۔ |
| قلعی کھل جانا | اصلیت ظاہر ہونا | افغانستان پر حملے کے بعد امریکہ کی قلعی کھل گئی ہے۔ |
| قیامت برپا کرنا | مصیبت میں ڈالنا | قحط سالی نے سندھ میں قیامت برپا کر رکھی ہے۔ |
| قیامت گزرنا | سخت صدمہ ہونا | شدید زلزلے سے لوگوں پر قیامت گزر گئی۔ |
| کاٹھ کی ہنڈیا بار بار نہیں چڑھتی | دھوکا بار بار نہیں دیا جا سکتا | ایک دفعہ دھوکا کھا کر میں سلیم کی باتوں میں نہیں آیا اب کاٹھ کی ہنڈیا بار بار تو نہیں چڑھتی۔ |
| کافور ہونا | غائب ہوجانا | اچھی دوا لیتے ہی بیماری کافور ہوجاتی ہے۔ |
| کام تمام ہونا | مرجانا | انگریزوں نے بہادر شاہ کو گرفتار کر کے اس کا کام تمام کر دیا۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| کام آنا | مارا جانا | جنگ ستمبر میں پاکستانی فوجیوں کی تو شہادتیں ہوئیں بھارتی فوجیوں کی بڑی تعداد بھی کام آئی۔ |
| کان پر جوں تک نہ رینگنا | قطعی طور پر اثر نہ ہونا | شریر بچے کو کچھ بھی کہتے رہو لیکن اس کے کان پر جوں تک نہیں رینگتی۔ |
| کان پڑی آواز سنائی نہ دینا | بہت شور و غل ہونا | ریلوے اسٹیشن پر اتنا ہنگامہ ہوتا ہے کہ کان پڑی آواز سنائی نہیں دیتی۔ |
| کان پکڑنا | توبہ کرنا | راستے کی سختیاں دیکھ کر میں نے گرمیوں میں سفر کرنے سے کان پکڑ لیے۔ |
| کان کترنا | بہت چالاک ہونا | میرا بڑا بھائی تجارت میں بڑے بڑوں کے کان کترتا ہے۔ |
| کان کھڑے ہونا | چوکنا ہونا | رات کے وقت چھت پر کسی کے چلنے کی آواز سُن کر میرے کان کھڑے ہو گئے۔ |
| کانوں پر گھسیٹنا | ناگواری سے قبول کرنا | حمید نے شادی کا کارڈ صرف دو دن پہلے بھیج کر مجھے کانوں پر گھسیٹا۔ |
| کانوں کا کچا ہونا | ہر کسی کی بات پر اعتبار کر لینا | نااہل لوگ اکثر کانوں کے کچے ہوتے ہیں۔ |
| کانوں کان خبر نہ ہونا | بالکل معلوم نہ ہونا | خیرات اس طرح کرنی چاہیے کہ کسی کو کانوں کان خبر نہ ہو۔ |
| کایا پلٹنا | حالت بدل جانا | بیٹے کے بیرونِ ملک جاتے ہی غریب گھر کی کایا پلٹ گئی۔ |
| کتر بیونت کرنا | کاٹ چھانٹ کرنا | میری دادی کتر بیونت کر کے ہمارے لیے نئے نئے کپڑے سی لیتی ہے۔ |
| کتے کو کھیر ہضم نہیں ہوتی | عزت راس نہ آنا | پاکستان نے بھارت کی طرف دوستی کا ہاتھ بڑھایا مگر کتے کو کھیر ہضم نہیں ہوتی۔ |
| کچی گولیاں کھیلنا | ناتجربہ کار رہنا | دوسروں کے دھوکے میں وہی آتے ہیں جنہوں نے کچی گولیاں کھیلی ہوں۔ |
| کشتوں کے پشتے لگ جانا | لاشوں کے ڈھیر لگ جانا | جنگِ آزادی میں انگریزی فوج نے کشتوں کے پشتے لگا دیے۔ |
| کفر ٹوٹنا | ضد ختم ہونا | بارش ہوئی تو موسم خوشگوار ہو گیا کفر ٹوٹا خدا خدا کر کے۔ |
| کفِ افسوس ملنا | پچھتانا | جوئے میں بھاری رقم ہار جانے پر جواری کفِ افسوس ملنے لگتا ہے۔ |
| کلمہ پڑھنا | تعریف کرنا | قائداعظم کی سیاسی بصیرت کا کلمہ کانگریسی لیڈر بھی پڑھتے تھے۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| کلنک کا ٹیکا لگنا | بدنامی ہونا | ہیروئین کی آزادانہ فروخت کی وجہ سے پاکستان پر کلنک کا ٹیکا لگ گیا ہے۔ |
| کلیجہ ٹھنڈا ہونا | تسلّی ہونا | بیٹی کی صحت کی خبر سے ماں کا کلیجہ ٹھنڈا ہو گیا۔ |
| کلیجہ منہ کو آنا | بہت دکھ ہونا | 1947ء میں مسلمانوں پر ہندوؤں کے ظلم پڑھ کر کلیجہ منہ کو آتا ہے۔ |
| کمر بستہ ہونا | پورا زور لگانا | علی مقابلے کے امتحان کی تیاری کے لیے پھر سے کمر بستہ ہے۔ |
| کندھا دینا | سہارا دینا | مشکل وقت میں دوست ہی دوستوں کو کندھا دیتے ہیں۔ |
| کوڑیوں کے مول بکنا | بہت سستا بکنا | میرے بھائی نے اپنی نئی گاڑی کوڑیوں کے مول بیچ دی۔ |
| کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کرنا | کوئی کسر نہ چھوڑنا | میرے والد نے اپنے بھانجے کی تربیت میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا۔ |
| کوئی دم کا مہمان | مرنے کے قریب ہونا | عرب کا بادشاہ بڑھاپے کے باعث کوئی دم کا مہمان ہے۔ |
| کھٹائی میں پڑنا | دیر ہونا | کشمیر کا مسئلہ پچھلے پچاس سال سے کھٹائی میں پڑا ہوا ہے۔ |
| کھسیانی بلی کھمبا نوچے | شرمندگی اور ڈھٹائی ایک ساتھ | مقبوضہ کشمیر میں ظلم کا بازار گرم کرنے کے بعد اب بھارت کھسیانی بلی بن کر دنیا بھر میں امن کا کھمبا نوچ رہا ہے۔ |
| کھلبلی مچنا | ہلچل مچنا | بم دھماکے کی خبر سے سارے شہر میں کھلبلی مچ گئی۔ |
| کھوے سے کھوا چھلنا | بہت بھیڑ ہونا | عید کے دنوں میں انارکلی بازار میں کھوے سے کھوا چھلتا ہے۔ |
| کیا پدی کیا پدی کا شوربہ | کم حیثیت کو اوقات یاد دلانا | امریکا کے مقابلے میں شمالی کوریا کی اکڑ کیا پدی کیا پدی کے شوربے کے مترادف ہے۔ |
| گاڑھی چھننا | گہری دوستی ہونا | آج کل اسرائیل اور بھارت میں گاڑھی چھن رہی ہے۔ |
| گامزن ہونا | چلنا۔ روانہ ہونا | سرسید احمد خان ساری زندگی سچائی کے راستے پر گامزن رہے۔ |
| گت بنانا | خوب ڈانٹنا | آج دادا نے چھوٹی سی غلطی پر میری خُوب گت بنائی۔ |
| گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا | ایک حالت میں نہ رہنا۔ دھوکا دینا۔ | مکّار آدمی گرگٹ کی طرح رنگ بدلتا ہے۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| گریبان میں منہ ڈالنا | اپنے آپ پر غور کرنا | دوسروں کو برا کہنے سے پہلے آدمی کو اپنے گریبان میں منہ ڈالنا چاہیے۔ |
| گڑے مردے اُکھاڑنا | پرانی باتیں یاد کرنا | عورتوں کو گڑے مردے اکھاڑنے کے سوا اور کوئی بات یاد نہیں آتی۔ |
| گلا گھونٹنا | ختم کر دینا | ماں باپ اپنی بے شمار خواہشات کا گلا گھونٹ کر اولاد کو پالتے ہیں۔ |
| گلے کا ہار ہونا | پریشانی کا باعث بننا | مصائب روہنگیا مسلمانوں کے گلے کا ہار بن گئے ہیں۔ |
| گنگا نہانا | پاک ہو جانا | علی سے کوئی پوچھ گچھ نہیں کرتا گویا گنگا نہا کر آیا ہو۔ |
| گوارہ کرنا | برداشت کرنا | میں کسی بھی صورت میں اپنے والدین کی بے عزتی گوارہ نہیں کرتا۔ |
| گوہر مراد پانا | مقصد میں کامیاب ہو جانا | لگاتار محنت سے آدمی گوہر مراد پالیتا ہے۔ |
| گھات لگائے بیٹھنا | موقع کی تلاش میں ہونا | بلی مرغیوں پر گھات لگائے بیٹھی ہے۔ |
| گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا | تجربہ کار ہونا | جاوید نے گھاٹ گھاٹ کا پانی پیا ہے لہٰذا اُسے جُل دینا آسان نہیں۔ |
| گھمسان کا رَن پڑنا | سخت لڑائی ہونا | سندھ کے محاذ پر پاکستانی اور ہندوستانی فوجوں کے درمیان گھمسان کا رَن پڑا۔ |
| گھوڑے بیچ کر سونا | بے فکر ہو جانا | امتحان سر پر ہے اور طاہر گھوڑے بیچ کر سو رہا ہے۔ |
| گھی کے چراغ جلانا | خوشی منانا | میرا بیٹا کامیاب ہوا تو میں گھی کے چراغ جلاؤں گی۔ |
| گزر اوقات کرنا | گزارہ کرنا | تھوڑی تنخواہ میں گزر اوقات مشکل ہے۔ |
| گل چھرے اُڑانا | عیش کرنا | بڑا بھائی گل چھرے اُڑا رہا ہے جبکہ چھوٹا در در کی ٹھوکریں کھا رہا ہے۔ |
| گل کھلانا | عجیب کام کرنا | چوری کر کے زاہد نے نیا گل کھلا دیا۔ |
| گُن گانا | تعریف کرنا | ہر کوئی قائداعظم کی ذہانت کے گُن گاتا تھا۔ |
| گھٹی میں پڑنا | فطرت میں داخل ہونا | بعض لوگوں کی گھٹی میں فریب کاری پڑی ہوتی ہے۔ |
| لات مارنا | ٹھکرا دینا | باعزت ملازمت کو لات مارنے والے بدنصیب ہوتے ہیں۔ |
| لاج رکھنا | عزت رکھنا | بیٹی نے سسرال کی سختیاں برداشت کر کے ماں باپ کی لاج رکھ لی۔ |
| لال پیلا ہونا | بہت غُصے میں آنا | رشوت نہ ملنے پر سپاہی لال پیلا ہو گیا۔ |
| لام کاف بکنا | گالیاں بکنا | لڑائی میں دونوں بدمعاش لام کاف بکنے لگے۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| لٹیا ڈبونا | کام بگاڑنا۔ بے عزتی کروانا۔ | بدمعاش بیٹے کے کرتوتوں نے خاندان کی لٹیا ہی ڈبودی۔ |
| لکھے مُوسا پڑھے خود آ | بال سا باریک لکھنا | حمید ایسا باریک لکھتا ہے گویا لکھے مُوسا پڑھے خود آ۔ |
| لکیر کا فقیر ہونا | پرانے طریقے کا پابند | لکیر کا فقیر کبھی ترقی نہیں کرسکتا۔ |
| لگی لپٹی نہ رکھنا | صاف صاف کہہ دینا | شہریار لگی لپٹی رکھنے کا عادی نہیں ہے۔ |
| لمبی تان کرسونا | گہری نیند سونا | خالد ایسی لمبی تان کرسوتا ہے کہ اسے اکثر دفتر پہنچنے میں دیر ہوجاتی ہے۔ |
| لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا | غریبی میں عیش و عشرت کرنا | غریب آدمی کو لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا اچھا نہیں لگتا اسے اپنے پیسے کا خیال کرنا چاہیے۔ |
| لوہا ماننا | بڑائی ماننا | شاہد آفریدی کی دھواں دھار بلے بازی کا دُنیا لوہا مانتی ہے۔ |
| لوہے کے چنے چبانا | سخت محنت کا کام کرنا | غیر ممالک میں مزدوری کرنے والوں کو لوہے کے چنے چبانا پڑتے ہیں۔ |
| لہو خشک ہونا | خوفزدہ ہونا | ایف 16 طیارے کی گرج دار آواز سے لہو خشک ہوجاتا ہے۔ |
| لہو کے گھونٹ پینا | غصے کو ضبط کرنا | مالک کے مُنہ سے گالیاں سن کر نوکر لہو کے گھونٹ پی کر رہ گیا۔ |
| لہو گرمانا | جوش دلانا | ملکہ ترنم کے نغموں نے جنگ ستمبر میں جوانوں کا لہو گرمایا۔ |
| لینے کے دینے پڑ جانا | فائدے کے بجائے نقصان ہونا | بھکاری کو چوروں نے مارا اور لوٹ بھی لیا گویا اسے لینے کے دینے پڑ گئے۔ |
| لَو لگانا | گہری محبت کرنا | صوفی اور درویش دنیا کو چھوڑ کر اللہ سے لَو لگا لیتے ہیں۔ |
| ماتھا ٹھنکنا | شک ہونا | علی کی چاپلوسی پر میرا ماتھا ٹھنکا کہ کچھ گڑ بڑ ہے۔ |
| ماتھا رگڑنا | خوشامد کرنا | میرے ماتھا رگڑنے کے باوجود میرے مالک نے میری تنخواہ میں اضافہ نہ کیا۔ |
| مارے مارے پھرنا | آوارہ پھرنا | تعلیم یافتہ نوجوان معمولی نوکریوں کے لیے بھی مارے مارے پھر رہے ہیں۔ |
| مٹھی گرم کرنا | رشوت دینا | چپڑاسی کی مٹھی کیا گرم کی کہ دنوں کا کام مِنٹوں میں ہوگیا۔ |
| معرض عتاب میں آنا | کسی کے غُصے کا نشانہ بننا | ہمارا ڈرائیور اپنی بے ایمانی کے باعث آج کل معرضِ عتاب میں آیا ہوا ہے۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| مکھیاں مارنا | بے کار بیٹھنا | کینیڈا سے واپس آ کر اشرف آج کل مکھیاں مار رہا ہے۔ |
| من موہ لینا | اپنا بنا لینا۔ رام کر لینا | انسان اپنی میٹھی زبان سے من موہ لیتا ہے۔ |
| موم کی ناک | اپنی کوئی رائے نہ رکھنا | میری دادی موم کی ناک ہیں انہیں جس طرف چاہے لگا لو۔ |
| میدان مارنا | کامیاب ہونا | 1992ء کے کرکٹ کے عالمی مقابلوں میں پاکستانی ٹیم نے میدان مار لیا۔ |
| مُردوں سے شرط باندھ کے سونا | بہت زیادہ سونا | مُردوں سے شرط باندھ کر سونے والے لوگ زیادہ تر بیمار رہتے ہیں۔ |
| مُنہ پھٹ ہونا | بدزبانی کرنا | اختر اتنا مُنہ پھٹ ہو گیا ہے کہ اپنے باپ کا بھی لحاظ نہیں کرتا۔ |
| مُنہ سے پُھول جھڑنا | نہایت خُوش بیان ہونا | ماریہ باتیں کرتی ہے تو اس کے مُنہ سے پُھول جھڑتے ہیں۔ |
| مُنہ کی کھانا | شکست کھانا | بھارت نے 1965ء کی جنگ میں ہر محاذ پر مُنہ کی کھائی۔ |
| مُنہ لگانا | دوست بنانا۔<br>پروا کرنا۔ توجہ دینا۔ | ہمیں بداخلاق لوگوں سے مُنہ نہیں لگانا چاہیے۔ |
| مُنہ میں پانی بھر آنا | جی للچانا۔ لالچ آنا | زیورات کا ڈبہ دیکھ کر چور کے مُنہ میں پانی بھر آیا۔ |
| ناطقہ بند کرنا | عاجز کر دینا۔ تنگ کرنا | اسرائیل نے فلسطینیوں کا ناطقہ بند کر رکھا ہے۔ |
| ناک بھوں چڑھانا | نخرے دکھانا | اپنی پسند کا کھانا نہ ملنے پر بچے ناک بھوں چڑھاتے ہیں۔ |
| ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا | نازک مزاج ہونا | مال و دولت کا غرور اکثر لوگوں کی ناک پر مکھی نہیں بیٹھنے دیتا۔ |
| ناک رگڑنا | منت سماجت کرنا | مجرم کے ناک رگڑنے کے باوجود عدالت نے اسے معاف نہ کیا۔ |
| ناک کا بال ہونا | بہت قریب ہونا | خالد آج کل پرنسپل کی ناک کا بال ہو گیا ہے۔ |
| ناک کٹنا | بے عزّتی ہونا | بیٹی کی طلاق سے ماں باپ کی ناک کٹ گئی۔ |
| ناک میں دم کرنا | بہت تنگ کرنا | بچے اپنی شرارتوں سے بڑوں کے ناک میں دم کر دیتے ہیں۔ |
| ناکوں چنے چبانا | بہت ستانا | شاہد آفریدی نے اپنے شاندار کھیل سے مخالف ٹیم کو ناکوں چنے چبوائے۔ |
| نام کو بٹا لگانا | بدنام کرنا | منشیات کے عادی نوجوان اپنے خاندان کے نام کو بٹا لگا دیتے ہیں۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| نشہ ہرن ہو جانا | نشہ دُور ہونا | پٹائی ہوتے ہی شرابی کا سارا نشہ ہرن ہو گیا۔ |
| نشیب و فراز دیکھنا | اچھے بُرے حالات سے گزرنا | زندگی کے نشیب و فراز دیکھنے سے انسان میں خود اعتمادی آتی ہے۔ |
| نظر میں جچنا | پسند آنا | مہنگا سے مہنگا کپڑا بھی میری امّی کی نظر میں نہیں جچتا۔ |
| نظروں سے گرنا | بے قدر ہونا۔ بے عزت ہونا | جُھوٹا انسان لوگوں کی نظروں سے گر جاتا ہے۔ |
| نظروں میں گھوم جانا | یاد آجانا | اپنی خالہ کو دیکھ کر میری امّی کا چہرہ میری نظروں میں پھر جاتا ہے۔ |
| نقشہ بگڑنا | حالت بدل جانا | والدین کی وفات کے بعد گھر کا نقشہ ہی بگڑ جاتا ہے۔ |
| ننانوے کے پھیر میں آنا | دولت جمع کرنے کی لالچ کرنا | عادل جب سے ننانوے کے پھیر میں آیا ہے اس نے سب سے ملنا چھوڑ دیا ہے۔ |
| نو دو گیارہ ہونا | بھاگ جانا | پولیس کو دیکھتے ہی چور نو دو گیارہ ہو گیا۔ |
| نیست و نابود کرنا | مکمل طور پر تباہ کر دینا | چنگیز خان نے بغداد کو نیست و نابود کر دیا تھا۔ |
| نیند حرام ہونا | سو نہ سکنا | برسات کے موسم میں مچھروں کی وجہ سے رات کی نیند حرام ہو جاتی ہے۔ |
| وارے نیارے ہونا | خُوب فائدہ ہونا | کاروبار میں بہت زیادہ منافع سے تاجر کے وارے نیارے ہو گئے۔ |
| واویلا کرنا | رونا پیٹنا | بوڑھی عورت نے سیڑھیوں سے گرتے ہی واویلا کرنا شروع کر دیا۔ |
| واہی تباہی بکنا | بے ہودہ باتیں کرنا | شراب کے نشے میں لوگ واہی تباہی بکتے ہیں۔ |
| وبالِ جان ہونا | مصیبت کا باعث ہونا | اُدھار ہمیشہ وبالِ جان ہوتا ہے۔ |
| وفا کا پُتلا ہونا | بے حد وفادار ہونا | مشرقی عورتیں اپنے خاوندوں کے حق میں وفا کا پُتلا ثابت ہوتی ہیں۔ |
| ہاتھ بٹانا | کام میں مدد دینا | میری بہن گھر کے کام کاج میں میری ماں کا ہاتھ بٹاتی ہے۔ |
| ہاتھ پاؤں پُھولنا | گھبرا جانا | مصیبت کو سامنے دیکھ کر اکثر لوگوں کے ہاتھ پاؤں پُھول جاتے ہیں۔ |
| ہاتھ پاؤں توڑ کر بیٹھنا | بے کار بیٹھنا۔ کچھ کام نہ کرنا | آدمی کو محنت کرنی چاہیے کیونکہ ہاتھ پاؤں توڑ کر بیٹھنے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔ |
| ہاتھ پاؤں مارنا | کوشش کرنا | راشی افسر اپنی نوکری بچانے کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہا ہے۔ |
| ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھنا | فارغ بیٹھنا۔ بے کار بیٹھنا۔ | ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھنے سے بہتر ہے کہ محنت و مشقّت کا راستہ اپنایا جائے۔ |

Scanned by CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| ہاتھ پھیلانا | مانگنا | دوسروں کے آگے ہاتھ پھیلانا آدمی کو بے عزت کر دیتا ہے۔ |
| ہاتھ دھو بیٹھنا | کھو دینا | غلط دوا کھانے سے مریض زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھتا ہے۔ |
| ہاتھ دھو کر پیچھے پڑ جانا | بُری طرح درپے ہونا | امریکہ مسلمانوں کے پیچھے ہاتھ دھو کر پڑ گیا ہے۔ |
| ہاتھ رنگنا | فائدہ اٹھانا | چیزوں کی قیمتیں بڑھا کر کاروباری لوگ خوب ہاتھ رنگ رہے ہیں۔ |
| ہاتھ لگنا | حاصل ہونا | دولت کیا ہاتھ لگی ہے کہ ساجد نے دوستوں سے ملنا ہی چھوڑ دیا ہے۔ |
| ہاتھ مارنا | وار کرنا۔ دھوکہ دینا | میرے دوست نے ایسا ہاتھ مارا کہ دشمن بھی بھلا دیے۔ |
| ہاتھ ملنا | افسوس کرنا | سکول کی بس نکل جانے پر طالب علم ہاتھ ملتا رہ گیا۔ |
| ہاتھوں کے طوطے اُڑنا | پریشان ہونا | اپنی جیب میں بٹوہ نہ پا کر مسافر کے ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے۔ |
| ہاتھوں ہاتھ لینا | پسند کرنا | آزادی کا نعرہ برصغیر کے مسلمانوں نے ہاتھوں ہاتھ لیا۔ |
| ہاں میں ہاں ملانا | تائید کرنا | افسر کی ہاں میں ہاں نہ ملاؤ تو نوکری کے چھن جانے کا ڈر رہتا ہے۔ |
| ہتھیار ڈال دینا | ہار مان لینا | وزیرستان میں باغیوں نے ہتھیار ڈال دیے۔ |
| ہتھیلی پر سرسوں جمانا | کام کو بہت جلد کرنا | علی چاہتا ہے کہ اُس کا کام ابھی ہو جائے۔ مگر اب کون ہتھیلی پر سرسوں جمائے۔ |
| ہکا بکا رہ جانا | حیران رہ جانا | تین سال کے بچے کو انگریزی بولتا دیکھ کر میں ہکا بکا رہ گئی۔ |
| ہوائی قلعے بنانا | ڈینگ مارنا۔ خیالی باتیں کرنا | ہوائی قلعے بنانے والے لوگ زندگی میں کبھی کامیاب نہیں ہوتے۔ |
| ہوائیاں اڑنا | رنگ فق ہونا | ڈاکو کے ہاتھ میں خنجر دیکھ کر میری ہوائیاں اڑنے لگیں۔ |
| ہوش اُڑنا | گھبرا جانا | جنگل میں شیر کو دیکھ کر مسافر کے ہوش اڑ گئے۔ |
| ہیکڑی جتانا | اکڑ دکھانا | نئی کار کے ملتے ہی خالد ہیکڑی جتانے لگا ہے۔ |
| ہَوا سے باتیں کرنا | بہت تیز بھاگنا | ایف سولہ آن کی آن میں ہَوا سے باتیں کرنے لگتا ہے۔ |
| ہُن برسنا | دولت کی فراوانی ہونا | چار بیٹوں کے امریکہ جانے سے ہمارے ہمسائے کے گھر میں آج کل ہُن برس رہا ہے۔ |
| ہُو کا عالم ہونا | مکمل خاموشی ہونا | قبرستان میں ہر وقت ہُو کا عالم ہوتا ہے۔ |
| یک جان دو قالب ہونا | گہری دوستی | برطانیہ اور امریکہ ہر معاملے میں یک جان و قالب ہیں۔ |

Scanned by CamScanner